ویدانت شاستر

بیاس جیکے برہمہ سوتر کا اردو ترجمہ معہ اصل

مع نوٹ و تشریح و ضمیمہ وغیرہ

جسکو بابو پیارے لعل زمیندار بروٹھا نے ہر بھگتوں کے فایدہ کیلئے

منشی بھوانی پرشاد سے ترجمہ کراکر

وِدّیا ساگر پریس علی گڈہ میں چھپوایا

वेदान्त

श्री व्यास जी कृत ब्रह्मसूत्र भाषा टीका सहित

बाबू प्यारेलाल ज़मींदार बरोठा ने हर भक्तों के अर्थ छपवाया

मुन्शी भवानी प्रशाद ने टीका किया

विद्यासागर प्रेस अलीगढ़

में छपा सं १९००

मूल २।) प्रथमवार ५००

मूल २।) सं १९०० प्रथमवार ५००

ॐ ॥ ॐतत्सत ॥ ३ ॥ ॐ ॥ ॐ ॥ ३ ॥ ॐतत्सत ॥ ॐ

شری ویدبیاس کے کہے ہوے برہمہ سوتر

خاص ویدانت شاستر کے پہلے ادہیاء کا پہلا پاد (حصہ)

प्रणम्य सच्चिदानंदं गुरुं चाज्ञाननाशकं ॥ सारार्थं ब्रह्मसूत्राणां कथयामि यथामति ॥ ॐ ॥ अथातो ब्रह्मजिज्ञासा ॥ १ ॥ प्रथमो सूत्र ॥ پہلا سوتر برہمہ بچار مین

ब्रह्मजिज्ञासा اس سوتر مین تین ۳ پد ہین۔ پہلا پد اتہہ अथ دوسرا پد اتہہ अत اور تیسرا پد بھی برہما جگیاسا

چنانچہ پہلے پد اتھہ شبد کا ارتہہ ہی आनन्तर्य یعنی (اسکے اندر) دوسرے اتہہ شبد کا ارتھہ ہی ہیتو،

مطلب یا مقصد۔ تیسرے پد برہمہ جگیاسا کا ارتہہ ہی (برہمہ کو جاننے کی خواہش) ایچھا۔ یعنی برہمہ کو جاننے

والی خواہش یا مراد تاتپرج یہ ہے تمام برہمہ سوتر ویدانت مین برہمہ کے جاننے کی خاص مراد ہے)

مطلب۔ اگن ہوتر آد کا پہل جو سرگ ادک کی پراپتی سوانت अनित्य آسمان ہی مستقل اور

دائمی نہین۔ لتشات (اسوجہہ سے) دہرم جگیاسا کے انتر یا۔ سادھن ہمت کے انتر۔

برہمہ کی جگیاسا (مراد) یا برہمہ کا بچار کرنا۔ کمہہ نت پہل ہے۔ اس سوتر کا یہہ سار اتھہ ہوا۔

जन्माद्यस्य यतः ॥ २ ॥ द्वितिय सूत्र - دوسرا سوتر برہمہ لکشن کے بیان مین

اس سوتر مین تین پد ہین۔ پہلا۔ جنماد जन्मादि دوسرا پد अस्य اس۔ تیسرا پد यतः ہے

جداگانہ ارتہہ یہہ ہین پہلے پد جنماد کے پہلے حصہ یعنی لفظ۔ جنم کا ارتہہ۔ اتپت (پیدائش) دوسرے حصہ

یعنی۔ آد۔ لفظ کا ارتھہ وغیرہ جسمین۔ استہت (قیام) اور پرلے (فنا) شمار کیا جاتا۔ کیونکہ

سنسار مین ہر شے کی اُتپت۔ استہت۔ پرلے (پیدائش۔ قیام۔ فنا) تین۔ گنی

(حالت) لازمی ہوتی ہین سو لفظ جنم کے بعد لفظ آد کہنے مین وہ تینون حالت گویا کہہ دی گئین

نکتہ۔ یہہ سوتر پہلے سوتر مین جو مکشو پرش (معروف غلط العام مکتی جی النسان) کیلئی برہمہ کی جگیاسا کرنی جو کہی ہی اس برہمہ کا لکشن بھی دوسرے سوتر مین کرتی

گویا زبان فارسی مین جو لفظ (وغیرہ) بجنسہ اوسکے مترادف سنسکرت مین لفظ (آد)
کا استعمال ہوتا ہے - اسی طرح دوسرے پد अस्य اسکا ارتھ ہے - نام روپ والا تمام جگت ہے
کیونکہ جگت کے سب پدارتھ لازمی طور پر نام اور روپ والے ہین یعنی دنیا کی کوئی شے ایسی نہین جسکا نام
اور روپ (اسم اور صورت شکل) نہو - تیسرے پد یت: यतः یہہ - سے کارن (علت) کا نردیش
निर्देश (بیان یا ظہور) ہی اسطرح مجموعی یعنی اس تمام سوتر کے تینون پد کا تاتپریہ ارتھ یہہ ہوا
(خلاصہ مطلب) کہ نام روپ والے تمام سنسار کا - جنم - استھت اور پرلے - جس سروگ سرب
سکتیمان کارن روپ (فاعلی علت) والے پرمیشر سے ہوتا سو - برہمہ - ہے - ثبوت وید مین
جو شرتی ہے اسکے اختصار مین دوسرا سوتر - ویدیاس جی نے کہا وہ شرتی ہے -

॥ तै॰ श्रुति ॥

॥ यतोवाइमानि भूतानि जायन्ते येन जातानि जीवंति यत्प्रयंत्यभिसंविश
اس شرتی کا ارتھ یہہ ہے کہ جس کارن روپ پرمیشر سے یہ بھوت پرانی - اُتپت ہوتے اور جسکے
جیوتی اور جسکو پراپت ہوکر لین دئے کالعدم ہوتے سو برہمہ ہے - تاتپریہ - جگت کا اتپت
پالن - سنگھارن کرنا - برہمہ کا تٹستھ तटस्थ (بیرونی) لکشن ہے -

تیسرا سوتر - برہمہ کو وید کرترت کہتے ہین वेदकर्तृत्व
॥ शास्त्रयोनित्वात् ॥ ३ ॥
اس سوتر کے تمام لفظون کا ایک ہی پد (فقرہ) ہے تسکے معنی یہہ کہ تمام بدیاؤن کا استھان
(مخزن العلوم) اور سب ارتھون کا پرکاشک (اصلیت کا ظاہر کرنیوالا) جو وید - جسکو - رگ
یجر - سام - اتھرب - کہتے - تس سمست وید کا (جونی) योनि کارن (فاعلی علت والا
برہمہ ہے - برہمہ کے سوا تس وید کا سروگ (جاننے والا) اور کوئی بھی کارن نہین یا یون کہو
برہمہ کے ہونے (ثبوت کامل) مین وید ہی (جون) کارن - ارتھات پرمان یعنی برہمہ کے ثبوت مین وید ہے) تیسرے سوتر کی
تمہید) دوسرے سوتر مین جو برہمہ کا لکشن کہا وہان یہہ کہے ڈرہ (مزید تائید ثبوت مین بہ ثبوت وید کے) تیسرا سوتر کہتے ہین

تمہید) اگر شنکا کیجاوے کہ برہمہ مین وید پرمان نہین ہوسکتا سو جبہ کہ وید جگیاوک کریا - اور اُپاسنا - یعنی کرم اور اُپاسنا
کہتا ہے اور برہمہ - سدہ بستو (یعنی کرم اُپاسنا - گیان) سے پرے گیان روپ بستو ہے - تسکو وید پرتی پادن
(ثابت) نہین کرتا - اس پوربہ پکش یعنی شنکا کو - اگلے چوتھے سوتر مین دور کرتے ہین -

چوتھا سوتر۔ برہم کا بودھک ویدانت ہی ॥ चतुर्थ सूत्र ॥ ४ ॥ तत्तु समन्वयात् ॥

اس سوتر مین تین پد ہین پہلا तत तت دوسرا त تو تیسرا پد समन्वयात् سمنوایات۔ انکا جداگانہ ارتھ یہہ ہی۔ پہلے تت شبد کا ارتھ ہی۔ جگت کی اتپت۔ استھت۔ لے۔ کا کارن سرب شکتیمان برہم۔ دوسرے۔ تو۔ شبد کا ارتھ ہی۔ پورب پکش کی نورتی निवृत्ति تیسرے سمنوایت پد کا ارتھ ہی کہ سرب ویدانت باکیون کی تاثیر یہہ ہے برہم مین سمندہ ہی اسطرح سوتر کا مجموعی ارتھ یہہ ہوا کہ جگت کے اتپت۔ استھت۔ لے۔ کا کارن۔ برہم سرب شکتیمان۔ ویدانت شاستر سے پراپت (ثابت) ہوتا ہے۔

تاتپریہ۔ سرب ویدانت باکیون کے تاثیر یہہ ہے۔ برہم مین سمندہ۔ پراپت ہوتا ہے۔

اب پانچوین سوتر سے سانکھیہ شاستر بادی جو ترگناتمک (صفت ثلاثہ۔ اچیتن یعنی جڑہ روپ) پرکرتی کو پردھان جگت کا کارن مانتے تسکا کھنڈن کہتے ہین۔

پانچوان سوتر۔ پرکرتی۔ جگت کی پردہان کرتا نہین ہے۔ पञ्चमो सूत्र ॥ ५ ॥ ईक्षतेनाशब्दम् ॥

اس سوتر مین تین پد ہین ईक्षते ایکشتے۔ ۲ न نا۔ ۳۔ अशब्दम् اشبدم۔ انکا جداگانہ ارتھ یہہ ہے۔

پہلے پد کا ارتھ ईक्षणा ایکشن سنکلپ ہے (کسی ارادہ کا ظاہر کرنا) دوسرے پد کا ارتھ۔ نشید ہی۔ تیسرے پد کا ارتھ۔ اس پرسنگ مین پردہان प्रधान ہے مجموعی ارتھ ہوا کہ اشبد پردھان پرکرتی جگت کا کارن نہین ہے۔ اسموقع پر شرتی پرمان ہی तदैक्षत बहु स्यां प्रजायेय ارتھ اس شرتی کا یہ ہی کہ۔ ایکشن بکاسرون ہونے سی (ایکشن) چیتن مین ہوتا ہے۔ اچیتن پردھان یعنی جڑہ پدارتھ مین نہین ہوتا اسلئے تت۔ ست۔ شبد باچیہ کارن۔ برہم۔ ایکشن کرتا بھیا کہ مین بہو پرپنچ روپ کرکے۔ اتپن ہونگا۔ از خاکسار بھوانی پرشاد مترجم۔

ایسی تا بند مین دوسری شرتی ہے ॥ एकोऽहं बहु स्यामि ॥ श्रुति ॥ ارتھ مین ایک ہون۔ (انیک پرپنچ روپ کرکے) بہت ہو جاؤن۔

چھٹا سوتر دفعیہ اعتراض مین

॥ गौणश्चेन्नात्म शब्दात ॥ ६ ॥ सूत्र

اس سوتر کے چار پد ہین - ۱- گئون - ۲- چیت - ۳- نا - ۴- اتم شبدات - جداگانہ ارتھہ ہر ایک پد کا یہہ ہے - پہلے - گئون - गौन شبد کا ارتھ امکہیا अमरव्यता دوسرے چیت चेत شبد کا ارتھہ - یدی यदि (جو یا اگر) تیسرے نا न شبد کا ارتھہ نشیدہ निषेध (نہین) چوتھے اتم شبدن کا تم شبدات आत्मशब्दात کا ارتھہ ہیتو हेतु (وجہ سبب) ہے مجموعی ارتھہ اور مطلب اس تمام سوتر کا یہہ ہوا کہ بادی جو اچیتن پردھان تیج کیطرح - گئون امکہہ یعنی خاص یا صحیح نہین - سارتھات اچیتن پردھان مین مکتہا نہین مگر گئونتا تو ہے اس بنا پر اچیتن پردھان ہین - گئون روپ ایکش - کہے سو نہین ہو سکتا - کیونکہ - اتم شبدات - ایکش کا مکہہ کرتا برہمہ ہے لس برہمہ ہی مین چیتن جیو روپ کر کے اتم شبدات کا پریوگ ہوتا ہے - چیتن مین نہین ہوتا اسطرح اعتراض غلط - اور صحیح یہی ہے کہ پرکرتی اچیتن جگت کارن برہمہ جگت کارن ہے

ساتوان سوتر

॥ तन्निष्ठस्य मोक्षोपदेशात ॥ ७ ॥ सूत्र

اس سوتر مین دو ہی پد ہین - پہلا پد तन्निष्ठस्य تن نشٹھہ (اسکا ارتھہ ہے کہ ستیارتھہ برہمہ مین - ابھید گیان وان پرش ہے - دوسرا پد मोक्षोपदेशात: (موکش اپدیشات) اسکا ارتھہ ہے - موکش کا اپدیس (نجات کی تعلیم) اور پردھان ست شبد کا باچیہ نہین

تمہید سوتر ۶) پانچوین سوتر مین جو شنکا سمادھان کہا اوس سمادھان مین بادی کا اعتراض اگر یہہ ہو کہ وید کی جو یہہ شرتی ہے ॥ तत्तेजऐक्षत मितिश्रुतिः ॥ ارتھہ اس شرتی کا یہہ ہے کہ (سو تیج ایکش) (ارادہ یا اچھا) کرتا بہیا فقط اس ثبوت سے بادی کہتا ہے کہ جیسے تیج اچیتن ہے - اور اپچار یعنی امکہتا ہے وہ امکش کرتا بہیا گویا اچیتن سے ایکش ہونا شرتی دوارا ثابت ہے - اچیتن پردھان پرکرتی سے ہی ایکش ہونا صحیح - اور پانچوین سوتر سے جو شنکا کا سمادھان کیا - سو سمادھان غلط ہے فقط اس اعتراض کے دور کرنیکو چھٹا سوتر کہتے ہین -

تمہید سوتر ۷) چھٹے سوتر مین جو کہا کہ آتم شبد کا پریوگ اچیتن مین نہین - اسکی بابت بادی کا یہ بیان ہو کہ جیسے اندریہ آتما इन्द्रियात्मा پاک مین - آتم شبد کا پریوگ - اچیتن اندریون (محسوسات) مین ہوتا - یعنی چیتن آتما ہے اور اندریہ کو آتما کہا تو ظاہر کہ اچیتن ہین - آتم شبد کا پریوگ ہونا تیسے - اچیتن پردھان مین بھی ہو سکتا ہے اس اعتراض کے دور کرنے کو ساتوان سوتر کہتے ہین

تمہید سوتر ۸) اگر یہہ امر محت طلب ہو کہ پردھان ست شبد کا باچیہ کیون نہین ہے اسکی وجہ اور اصلیت آٹھوین سوتر مین کہتے ہین

تاپتریہ - برہمہ مین ہی ست کا پریوگ ہی - ست پردھان مین ہین (شرح از خاکسار بھوانی پرشاد) واضح ہو کہ ست شبد کے ارتھ دو ہین - ایک ست (صحیح برحق) دوسرے تینون گنون مین ہی ست شامل ہے جیسے ست - رج - تم سو برہمہ مین علاوہ ست صحیح - برحق ہونیکے - ست - رج - تم - تینون گن ہی موجود ہین اور یہہ برہمہ کا سبھاؤ ہے جس سبھاؤ لفظ کے مترادف لفظ پرکرتی - ہے سو جب پرکرتی - شدہ ست پردہان ہوئی یعنی - رجوگن - تموگن - پر ستوگن غالب ہوا - تب اس ست پردہان اوستہا کا نام - مایا - اور مایا کرکے اپ ست جو چیتن کا نام - ایشر ہوا - اسطرح ثابت کہ پرکرتی - اول تو بجنسہ مطابق برہمہ کے ست - صحیح - برحق - نہین دوسرے پرکرتی کے ست پردہان ہونے مین جگت رچنا کا اوسر (موقع) ہوا تیسرے پرکرتی محض جڑہ روپ - اچیتن ہے - اسلئے ست پردھان پر چیتن روپ جگت کی کرتا - کارن (علت فاعلی) کسیطرح نہین ہوسکتی -

اٹھوان سوتر सूत्र ॥८॥ ईयत्वा वचना च्च ॥ اس سوتر مین دو پد مین پہلا پد ॥ ईयत्वाव चनात (سے متواجبات) ارتھ اسکا یہ کہ اسکا - اپچن نہین کہتا - دوسرا پد च (چ) اسکا ارتھ ہے کہ - پرتگیا برودہ ہے - کل سوتر کے معنی مطلب یہ ہوے کہ اگر اناتما پردھان ست شبد کا باچیہ ہووے - یعنی اگر اناتما پردہان مین (جو آتما نہین) ست شبد کا کتھن کیا اور مانا جاوے تو جیسے کوئی پرش کسیکو - ارندہتی بتانے असचाती دکہاوے تو وہ پرش پہلے اوسکو سمیپ استہول تارے یعنی بہت موٹے اور زیادہ چیتن ستارہ کو دکھا کر پہر اسکا تیاگ کرا کر - نہایت سوکشم اور باریک جو ارندہتی نام کا ستارہ اسکو دکہا کر درہ کراتا ہی تیسے یہ جو باک ہے स आत्मा तत्त्वमसि ارتھ یہ کہ سو آتما تو ہے - ایسے باکیون سے وید بہگوان نے پہلے آتما کو بنایا پہر وید نے نیت نیت नेति नेति کہا کہ نہین یہہ نہین یعنی پورب پکش کے استہول روپ بتائے ہوئے کا اہیسا نتو متی کہا تیاگ کرا کر ات سوکشم روپ آتما کو بتایا اگر خاص آتما کا تیاگ کراتے تو प्रतिज्ञा विरोध ہوتا کیونکہ یہہ پرتگیا (عہدہ قاعدہ) ہے کہ کارن کے گیان سے کاریہ کا گیان (یعنی علت کے علم سے معلول کا علم ہوتا ہی)

جیسے ہر قسم کے سونہری زیورون کا کارن (علت) سوبرن (سونا) ہی سو سوبرن کے گیان سے
تمام قسم کے زیور کی اصلیت جو اوس سے بنے معلوم ہو جاتی ہی - تیسے پردہان کے گیان سے تمام
جگت کا گیان ہو جانا چاہیئے سو ہوتا نہین اسلیئے صحیح بات یہ ہے کہ وید بھگوان نے استھول روپ
پرکرتی کو پردہان کہا پھر شدہ کر کے خاص و اصلی پردہان جو برہمہ ات سوکشم روپ تسکو دڑہ کرایا
اسطرح - پورب پکش ہے ہاک کو صرف برای سریع الفہمی اور اخیر باک کو ست سمجھنا چاہیئے جس مین
پرتگیا کا برودہ نہین - (شرح از خاکسار بھوانی پرشاد)

واضح ہو کہ شاستر مین جو ارندہتی نام کا نیاؤ ہے سو ارندہتی نیاء اوسکو کہتی ہین کہ باریک بات کے
دڑہ کرانیکو پہلے موٹے درشٹانت موٹی بات کہکر جب سمجھنے والا موٹی بات کو سمجھ جاوے تب اوس
موٹی بات کا نشیدہ کر کے اصلی جو بات تسکو دڑہ کرانا - تس نیاء کا ارندہتی نام سے نامزد کرنیکی بنیاد یہ ہے
اصلیت مین مہرشی بششٹ جی کی بام انگ (استری - اہلیہ) ارندہتی ہین اور تمام دنیا مین اونکا
سا سہاگ کیسکا نہین ہوا کیونکہ بششٹ جی کی حیات تک ارندہتی موجود رہین اور جب بششٹ جی -
اپنی دیہہ مانوی شریر मानवी शरीर والیکو تیاگ اور ستارہ روپ ہوکر شامل سبت رشی نامی
تارون کے اکاسین - دہروجی (قطب شمالی) کے گرد تاباں ہوئے تب ارندہتی جی بھی تارے روپ ہوکر
بششٹ نامی تارے کے نیچے موجود ہوئین اور منونتر موسومہ بنی نسبت वैवस्वत منونتک
بششٹ و ارندہتی موجود رہینگی - اس بناء پر رشیون نے یہ امر تجویز و جاری کیا کہ کنواری دبے بیاہی
کنیان کو اوسکی سات برسکی عمر تک ارندہتی نامی تارے کا درشن کرایا جاوے اور اسمین قدرتی
تاثیر یہی ہوئی کہ جس کنیا کو ارندہتی تارے کا درشن ہو جاوے وہ کنیان اپنی عمر بھر سو بہاگوتی
(سہاگن) رہی ہرگز بیوہ نہو بس ارندہتی کا درشن کرانیکا کرم (طریقہ) یون تجویز قایم ہوا کہ ارندہتی
ستارہ نہایت باریک ہی جسکا درشن بالغ شخص کو بھی مشکل ہوتا ہی اور نابالغ پانچ سات برسکی عمر والی
سو یکایک نظر پڑنا ممکن نہین اسلیئے اوس کنیان کو سبت تارا گن مین جو امستارہ اور زیادہ روشن ہو چندرمان
سوا اول چندرمان کو لڑکی سہ سرست ارندہتی نام سے دکھاتے جب وہ لڑکی چندرمان کو بخوبی پہچان کر

فوراً بتانے لگی تب چندرمان کو منع کر کے - دہرو - کے گرد جو سات ستارے ہیں - ساتون ستارون کو اور پہر
یوہی طرح ساتون ستارونکو منع کر گئے منجملہ ساتون ستارون کے خاص وشِشٹ جنکے ستارہ کو بہجوائے
اخیر پر وشِشٹ نامی ستارے کے نیچے جو نہایت باریک خاص ستارہ ارندہتی نام والا اسکو بہجوا کر ڈرہ کرتے ہین
اسطرح جس کنیا کے اچہے بہاگ ہون اور کنیا کے سرپرست کنیان کو ہمیشہ سہاگن رہنے کی تمنا سے درشن کراوین
تو کنیان کو ایک یا دو سال مین درشن ہوجاتا اور پہر وہ بیوہ نہین ہوتی افسوس کہ زمانہ حال مین یہہ
عمدہ تدبیر - فروگذاشت ہوگئی صرف اسقدر رہ گئی ہے کہ چندرمان کو تو بہجوا دیا جاتا آیندہ اصلی
امر مجوزہ نابود رہتا ہی چنانچہ سنساری ہوہار مین اُسیکا نتیجہ موجود ہے کہ بیوہ زیادہ ہوتی ہین فقط
اسکا نتیجہ اسموقعہ پر یہہ ہی کہ جیسے نہایت باریک ستارہ ارندہتی کے پہچاننے کو اول چندرمان پہر سات ستارے
پہر سات ستارون مین وشِشٹ نامی تارے کو بہجوا بہجوا کر اخیر پر ارندہتی کا درشن اور بہجوایا جاتا -
اور درمیان مین جن چندرمان وغیرہ کو ارندہتی کہا تہا سب کا نشیدہ کرتے چلی گئی - اسیطرح برہمہ جیتن
شنخدانند روپ جو تمامتر نراکار نربکار ہی لش برہمہ کے پہچاننے کو - اول ساکار اور سیکار سنساری پدارتہون
کو شرتی نے آتما کہا جب سے اخیر درجہ والے نراکار نربکار برہمہ کو جگیاسو سمجہ گیا تب درمیانی پدارتہون
ساکار اور سیکار والونکو نیت نیت شرتی سے نشیدہ اور برہمہ کو بدہ - کہدیا - چنانچہ ارندہتی نیاو
کے پرتوہ پر برہمہ کے پہچاننے کا پرکار شرتہون دوارا درجہ بدرجہ یہ ہے کہ چارباک وغیرہ جو ناستک
بادی - برہمہ - ایشر کو نہین مانتے وہ استہول پدارتہون کو آتما کہتی جیسے -

२ मिति श्रुति

پہلے چارباک نے پتر کو آتما بتایا اور ثبوت مین یہ شرتی کہی ॥ आत्मा वै जाइते पुत्रः ॥

دوسرے چارباک نے پتر کے آتما ہونیکا نشیدہ کر کے - اپنی دیہہ کو آتما کہا کہ پتر کا دیہہ اور اپنا دیہہ جدا جدا ہے
اور اصلی سکہہ دُکہہ اپنے دیہہ کو ہوتا اسوجہ سے پتر آتما نہین اپنا دیہہ آتما ہی اور ثبوت مین شرتی
کہی

॥ सवा एषा पुरुषोन्नर समय ॥ श्रुति ॥ २ ॥

تیسرے چارباک نے دیہہ کو بہی آتما ہونیکا نشیدہ کر کے اندریون کو آتما کہا کہ جب جس اندریہ کا دیوتا اپنے
استہان کو چہوڑ دیتا ہے تب آتما جاتا ہی کہ اندہا ہے - بہرا ہے - گونگا ہے - وغیرہ وغیرہ

اور ثبوت مین شرتی کہی

प्राणा प्रजा पति पितर एत्य ब्रूयू ॥ मिति श्रोत

چوتھے کہتے ہین کہ اندری آتما ہین پران آتما ہین کیونکہ پران کے چلنے تک اندریہ کے دیوتا موجود رہتے اور
پران کی گتی بند ہونے پر باوجودیکہ سب اندریون کے استھان موجود رہتی مگر لازمی طور پر سب دیوتا اپنی اپنے
استھان کو چھوڑ دیتے اور تمام دیہہ معہ اندریون کے مردہ ہو جاتا۔ اسکے علاوہ بھوکھ پیاس کا لگنا پران کا
دہرم ہے سو پران کی موجودگی مین کہتا ہی کہ بھوکھا ہون۔ پیاسا ہون۔ اور اونکے ثبوت مین یہہ
شرتی ہے

अन्यो न्तरात्मा प्राण मय ॥ मिति श्रुति ॥ ४ ॥

۵۔ پانچوین بادی کہتے ہین کہ شین اوستھا مین پران۔ کے کارج۔ بھوکھ پیاس اور اندریون کا چیتن ہونا
اسکے دہرم مین پرورت ہونا بلکہ اندریون کے دیوتا سنیہ ہو جاتے او سوقت صرف سنکلپ وکلپ رہجاتا
سو من کی گتی ہے اور واقعی سپن اوستھا مین۔ من۔ چیتن روپ رہتا اسلیے۔ من۔ آتما ہی اور ثبوت
مین یہہ شرتی کہتے ہین۔

अ न्योन्नरात्मा मनोमय ॥ मिति श्रुति

۶۔ چھٹے وہ بادی کہتے ہین کہ سکھپتی اوستھا مین من بھی بدہی مین لے ہو جاتا صرف بدہی چیتن روپ
رہتی اور جاگرت وغیرہ اوستھاؤن مین۔ بدہی کی بگیانی دہرم سے ہر کوئی اپنے کو کرتا بہوگتا مانتا اسلیے من
آتما ہین۔ بدہی آتما ہی اور ثبوت مین یہہ شرتی کہتے ہین

अन्यो न्तरात्मा विज्ञान मय श्रुति ॥ ६ ॥

۷۔ پربھاکر کہتے ہین کہ اگیان کے سمیت یعنی مول اگیان جو سو کارن شریر سے کہتا کہ مین اگ ہون
اگیانی ہون۔ اسلیے اگیان یعنی مول اگیان انند روپ کارن شریر۔ آتما ہی اور ثبوت کی شرتی یہہ
ہے۔

अन्यो न्तरात्मा नंद मय ॥ मिति श्रुति ॥ ७ ॥

۸۔ دوسرے بادی کہتے ہین کہ سکھپتی اوستھا مین سب کا ابھاؤ اور صرف۔ اہم کا بھاؤ رہجاتا یعنی جو
سکھپتی سے جاگ کر کہتا ہی کہ ایسا غفلت مین بیہوش سویا کہ کچھہ نہ جانا۔ مین اگ ہون مگر بہر حال اسقدر
انبھو ہوا کہ مینے کچھہ نجانا۔ اسلیے ایسا انبھو ہونے سے اگیان اپہت چیتن آتما ہی اور اون کی ثبوت کی
شرتی یہہ ہی

प्रज्ञान घन एवा नंद मय ॥ मिति श्रुति ॥

۹۔ جین کہتے ہین کہ سکھپتی اوستھا مین سب پدارتھ اور نیز۔ اہم۔ بدلے ہو جاتے صرف شون یا تیرہ رہجاتا

اسلیئے سون آتما ہی ثبوت شرتی तस्माद्वा एतस्मादात्मन आकाशः सम्भूतः। श्रुति है
خلاصہ یہہ کہ پتھر سے لیکر آکاس (سوکشم) تک اوتر و تر (درجہ بدرجہ) سوکشم سوکشم پدارتھ ہین اور
آتما وہ اتی سوکشم پدارتھ ہی جو آکاس کا بھی کارن - چنانچہ آکاس تک کے پدارتھ من بانی کے بشئے ہین
اسلیئے استھول ہی سوکشم پدارتھ کا ایک شرتی نے یہہ دیکر آتما کے نشانات تبلاے اس سے آگے
جو خاص آتما برہمہ وہ من بانی کا بشئے نہین مگر جب درجہ بدرجہ اون سکو جگیاشو ممکشو بدہ نشید کرتا
اور برتا آتا تب جسکے بھاگ اچھے ہون جیسے کنیان کے بھاگ اچھے ہونا پہلے بیان کیا اور
جیسے کنیان کے سرپرست خیرخواہ دلی صاف باطن بیان کیئے جنکے اپدیس سے کنیان کو ارند ہتی
کا درشن ہو تیسے سچے جگیاشو ممکشو کو اصلی سرپرست مہاتما سدگرو بگیانی کے کرپا اور سینہ بسینہ
اپدیش سے ساکشات برہمہ کا درشن ہو جاتا اور جیسے وہ کنیان ہمیشہ سہاگوتی رہتی تیسے یہہ
جگیاشو ممکشو جیون مکت اور بدیہہ مکت پاکر برہمہ روپ ہوا ہوا جیسے کا ہمیشہ برہمہ میں رہتا ہے۔

شرح دوم بابت جگت کرتا از خاکسار بھوانی پرشاد

۱- سب سے پہلے یعنی نیچے درجہ کا سمجھنا یہ ہے کہ جسقدر دیہہ دُنیا مین ذی رُوح ہین اونکا کارن کرتا
روپ - بیرج (ماں باپ کا نطفہ) اور نباتات وغیرہ جسقدر غیر ذی روح کہے جاتے ہین اونکا
کارن - (بیرج) تخم ہے جو قسم وار جداگانہ ہے۔
۲- دوسرے درجہ کا سمجھنا یہ ہے کہ سب ذی روح جسم اور غیر ذی روح جرمون کا اپادان کارن (مادہ)
پنچ تت ہین جنسے سب بنے کہ اصلیت میں پنچ تت سے سوائے کوئی پدارتھ نہین جیسے لوہے ان
کے نام برائے نام جداگانہ ہین اصلیت مین سب زیورون کا اپادان سونا وغیرہ دہات ہی جس سے
وہ بنی اور وہ دہات اونمین اول سے آخر تک موجود ہے۔
۳- تیسرے درجہ کا سمجھنا کہ پنچ تت بھی کرم क्रम سے درجہ بدرجہ نمایان یعنی اکاس سے
بایو بایو سے تیج - تیج سے جل - جل سے - پرتھوی - اسلیئے سب تتون کا آدی کارن آکاس
تت ہے مگر شرتیون سے ثابت ہے کہ پرکرتی اور پرش کے بیک مین سے مایا - ایشر - اودیا -

جیو اور ایشر سی مہت تت - مہت تت سے اہنکار - اہنکار سے اکاس ہوا جو تتون کا کارن ہے
تو ظاہر کہ استھول دیہون سے پرکرتی پرش تک ایک سے ایک زیادہ سوکشم روپ ہی پس جیسے پہلی
پوستہامین مُن بدھی کا انجام - سون پر بابت آتما کے بڑھا آگے اصلی پدارتھ برہمہ مین
باقی کا نشیئہ نہ ہوا تیسے اس پوستہامین بابت جگت کارن کے مُن بدھی کا انجام پرکرتی تک
پہونچا جیسا اخیر درجہ کے پانچوین شاستر نے کہا اب آئندہ اصلی جگت کارن کے سمجھنے کو یہہ
برہمہ سوتر ویدانت چھٹا شاستر - مہرشی دید بیاس کرت ہی یہ فرماتے ہین کہ اصلی چیتن برہمہ
ہے - جسکے اننت شکتیون مین سے ایک پرکرتی بھی اوسیکی ایک سکتی ہے مگر پھر بھی وہ پرکرتی
محض جڑہ روپ ہے کہ بلا چیتن کے کچھ چیشٹا نہین کرسکتی اور اوسی پرکرتی میں جب برہمہ
چیتن کا پرتی بمب پڑا جس سے سب چیشٹا ہوئی تس پرکرتی اپہت چیتن کا نام بجاے برہمہ
کے چیتن پُرش موسوم ہوا جیسا سانکھہ نے کہا کہ پرکرتی کے ببیک سے جگت اُتپت ہوا - پس
اس اخیر درجہ کی سمجھ بگیان روپ سے صحیح امر یہی ہے کہ برہمہ چیتن اودیت روپ نراکار نرگن
ہی جگت کا کرتا - دھرتا - ہرتا (آفریدگار - پروردگار - قہار) اور وہی برہمہ - نمت کارن
وہی اُپادان کارن ہے برہمہ سے پرتہک کوئی انادی ہے نہ جگت کارن - چنانچہ اس خرابی
ببیاق کے ثبوت مین خیر ویہہ کی شرتی ہے - شرتی ۱۲۵

॥ अभिन्नि मितो पादान कारणं ईश्वरः ॥

ارتھہ یہہ کہ جگت کی رچنا مین ایک ایشر برہمہ ہے کہ وہی - کرتا (فاعل) وہی نمت (آلہ وغیرہ)
وہی اُپادان (مادہ) ہے اوس سے بھن (علیحدہ) نمت - اُپادان - کارن کوئی نہین -
اور وہی جگت کو رچ کر خود ہی ہر دیہہ کے اندر جیو آتما روپ ہوکر پربیش ہوا اور پرکاسمان
ہوا جسکے سیتا اور پرکاس مین عضو عضو چیشٹا کرتے - ایسا شرتی نے کہا ہے -

پہلی شرتی - श्रुति तस्माद् वा एतस्मादात्मन आकाशः सम्भूतः ارتھہ یہہ کہ تس آتما سے اگیان کی اورن سکتی
تس سے بکشب سکتی - تس سے آکاس سمبھوت - جس سے باقی تت اور پانچوین تت جگت
کے اُپادان کارن ہوئے اور آتما ابتداے کارن (علی علت والا ہوا)

دوسری شرتی تत्सृष्ट्वा तदेवानु प्राविशत् شرتی ارتھ یہہ اس جگت کو رچکر اسکے اندر جیو آتما نام کرکے مین ہی پرویش ہوا ہون پردہان شبد کے باچیہ वाच्य نہ ہونیکی وجہ سے نوین سوتر مین کہتے ہین

نوین سوتر ॥ स्वाप्ययात् ॥ ९ ॥ सूत्र اس تمام سوتر کا (سوآپیہ بات) ایک ہی پد ہے معنی اسکے یہہ ہین کہ سکپتی اوستہا مین स्व کہیئے (جیو آتما) اسکا ست شبد باچیہ پرماتما مین अप्यय لے ہوتا ہے ارتہات اوسوقت جیو آتما پرماتما مین لین (लीन) ہوتا ہے اسوجہ سوست شبد کا باچیہ ہے اور وہی جگت کا کارن (علت) ہے - پردہان کارن نہین -

---

دسوان سوتر गतिसामान्यात् اس تمام سوتر کا - گت ساما نیات ایک ہی پد ہے معنی اسکے یہہ ہین کہ جیسے سب آنکہون سے ایک روپ کا ہی - سمان اب گت (یکسان) گیان (علم) ہوتا تیسے سب ویدانت شاستر سے سمان یعنی یکسان - ایک چیتن کارن کا ہی گیان اب گت (یکسان علم) ہوتا ہی پس یہی وجہ ہی کہ سروگ برہمہ جگت کا کارن ہی پردہان کارن نہین

گیارہوان سوتر श्रुतत्वाच्च ॥ ११ ॥ सूत्र اس سوتر کے پہلا - شرت تواتٌ دوسرا - چ دو پد ہین سو پہلے پد کا ارتھہ شرون - دوسرے پد کا ارتھہ - پُن (یعنی پہر) تاثیر یہہ - سروگ کا جگت کا کارن ہی اسوجہ سے کہ श्वेताश्वतर سوئیتا سوتر - منتر کا اُپ نشدہ مین شرون ہوتا ہی یعنی اپ شبدون سے پہر پہر بار بار یہی سُنا جاتا ہے - چنانچہ اگلے سوتر مین آپ نشدون پرمان لکہتے ہین - سوتر نمبر ۵ سے نمبر ۱۱ تک یہ پرسنگ ختم ہوا کہ پردہان جگت کا کرتا نہین ہے اب سوتر نمبر ۱۲ سے نمبر ۱۹ تک مین کہا جاتا ہے کہ آنند مے کوس پرماتما ہے -

بارہوان سوتر आनन्दमयोऽभ्यासात् ॥ १२ ॥ सूत्र اس سوتر کی دو پد ہین - پہلا آنند ہے -

لے اب دسوین سوتر مین کہتے ہین کہ پردہان جسوجہ سے کارن نہین ہے کہتے ہین - ۱۲

سے سروگ برہمہ جگت کا کارن کیسے ہی اسکی وجہ گیارہوین سوتر مین کہتے ہین - ۱۲

سے بارہوین سوتر مین اسبات کا نرنے کرتے ہین کہ تیتریہ اپ نشدہ [illegible] مین جو ا - ان مے ۲ - پران مے ۳ - منو مے ۴ - بگیان مے ۵ - آنند مے - پنچ کوس کہے - تینون سے [illegible] ہوتا ہی کہ [illegible] کا کرن مین آنند مے کوس سو ہوتا یا جیسے باقی ان مے وغیرہ چارون کوسون سے - آتما (یعنی اناتما) کا کرن ہوتا ہیسے انند مے ہی اناتما کا ہی گرن ہوتا ہے - ۱۲

دوسرا ابہیاسات ۔ سوسوقع پر پہلے پد آنند مئے شبد کا ارتھ ۔ مکھیہ پرماتما ہی اور دوسرے ابہیاس میں شبد کا ارتھ بارمبار ربط یا ریاضت کرنا کیونکہ بہت شرتیون مین بارمبار شبد کا ہی کہتین ہے چنانچہ تمثیلاً صرف دو شرتی لکھتی ہین پہلی شرتی

आनंद ब्रह्मणो विद्वान्न बिभेति कुत श्चन ॥ मिति श्रुत ॥१॥

ارتھ اسکا یہ ہی کہ برہمہ کے آنند کو جاننے والا بدوان کسی سے بہی بہئے نہین کرتا۔

دوسری شرتی آनंदो ब्रह्मेति व्यजानात ॥ ارتھ اسکا یہ ہی کہ جو آنند ہے اوسکو برہمہ جانا ॥२ श्रुत॥ اسطرح سمجھنا چاہیئے کہ ان مئے وغیرہ چار کوشون سے آناتما کا ۔ اور پانچوین آنند مئے کوس سے مکھیہ آتما کا گرہن ہوتا اناتما کا انند سے گرہن نہین ہوتا۔

تیرھوان سوتر

॥विकारशब्दान्नेति चेन्न प्राचुर्यात्॥१३॥ सूत्र

ارتھ۔ شنکا۔ آنند مئے شبد سے پرماتما کا گرہن نہین ہوسکتا کیونکہ آنند شبد سے پہلے ۔ بکار شبد میں ؔ کر سوتر व्याकरण (علم صرف و نحو قواعد سنسکرت) سے بکار ارتھ مین मयट् प्रत्यय ہوتا ہی اسلیئے آنند مئے نام بکار وان کا ہی ۔ نربکار کا نہین اور پرماتما اوسکے برعکس نربکار ہی بکار وان نہین اِت چین ایسے نہین کہی کیونکہ پراچربات इति चेन्न یعنی پراچار ارتھ مین प्राचुर्यात (بڑے معنون مین) मयट् प्रत्यय ہوتا اسطرح آنند مئے نام پرچر (بہت) آنند والے پرماتما کا ہی ۔ اس ارتھ کو سوتر نمبر ۱۴ مین دڑہ کرتے ہین۔

چودہوان سوتر

॥तद्धेतुव्यपदेशाच्च॥१४॥सूत्र ॥ ارتھ جیسی اس سوتھ پر پراچر یہ ارتھ مین प्राचुर्य मयट् प्रत्यय ہے ۔ ویسے بہت شرتی برہمہ کو آنند ہیت کا اُپدیش کہتین کرتی ہین چنانچہ تمثیلاً ایک شرتی لکھتے ہین

एष ह्येवानंदयाति॥ श्रुति

ارتہ اس شرتی کا یہ ہی کہ اہیس پرماتما سب کو آنند دیتا ہے ۔ ارتہات سب کے آنند کا ہیتو پرماتما ہے ۔ اسلیئے آنند مئے نام پرماتما کا ہے۔

پندرہوان سوتر

मान्त्रवर्णिकमेव च गीयते॥१५॥ सूत्र اس سوتر کے اکشر ارتھ

۱؎ اب پہلے کیئے ہوئے شنکا سمادہان کا بدہانک विधायक تیرھوان سوتر کہتے ہین ۱۲

پہلے بہاشکار ایکدیہ منتر لکھتے ہین इति मंत्रः ॥ सत्यंज्ञानमनंतं ॥ ارتھ اس منتر کا

یہ ہی کہ اس منتر مین جو برھمہ کے تین وشیشن کہے یعنی پہلا ست دوسرا گیان تیسرا اننت ارتھات برہم ان

تین وشیشن والا جو اس منتر سے نسچے ہوا سو مانتر برنک मांत्रवर्णिक . برھمہ ہے جسکو منتر

نے برنن کیا وہ برہمہ ہے اور تس برہمہ کو آنندمئے شبد کرکے गीयते گانا (کتھن کرنا - کہنا) جاتا ہے

یہ ارتھ خاص سوتر کا ہوا کہ جسکو منتر نے برنن کیا سو برھمہ ہے -

سولہوان سوتر ॥ नेतरोनुपपत्ते ॥ १६ ॥ ارتھ اسکا یہ ہی کہ برہمہ کے سوا سنساری

جیو آتما کا آنندمئے شبد کرکے کتھن نہین ہے کیونکہ جیسی ایک شرتی یہ ہے .

अनुपपत्तेः सोऽकामयत बहुस्यां प्रजा ॥ ارتھ اس شرتی کا یہ ہی کہ سو آنندمئے پرماتما

اچھا کرتا بہیا کہ مین بھو پرتیچ روپ کرکے اُتپن (ظہور پذیر) ہوؤن - تیسے ایک شرتی آنندمئے

کو ہی جگت کا کرتا کہتے ہین سو جگت کا کرتت پنا (پیدایش کائنات) جیو آتما مین انوپپن ہے

یعنی جیو کو جگت کارن ہونا شرتی کا کتھن نہین ہے - ارتھات کوئی شرتی جیو کو جگت کارن نہین

کہتے بلکہ سب شرتی برہمہ کو جگت کارن کہتے ہین -

سترھوان سوتر सूत्र ॥ १७ ॥ भेदव्यपदेशाच्च ॥ پھر اوسی ارتھ کو ڈرہ کرتے ہین

دوسری درشٹانت سے اور درشٹانت مین ایک شرتی کہتے ہین کہ रसं ॥ रसो वै सः ॥

ह्येवायं लब्ध्वानन्दी भवति ॥ श्रुति ९ ارتھ اس شرتی کا یہ کہ سو آنندمئے - رس -

سروپ ہے اور تس رس کو ہی پراپت ہوکر یہہ جیو آنند ہوتا ہے - فقط

اٹھارھوان سوتر सूत्र ॥ १८ ॥ कामाच्च नानुमानापेक्षा ॥ اس سوتر کی شرح مین پہلے

ایک شرتی کہتے ہین کہ ॥ सोऽकामयत बहुस्यां प्रजायेय ॥ मिति श्रुति ॥ ९ ॥ ارتھ

اس شرتی کا یہی وہی ہے جیسا کہ سوتر نمبر ۱۶ کا ترجمہ اوتر کہہ آئے اور سب کا خلاصہ و نتیجہ یہہ ہے کہ

آنندمئے پرکرن مین شرتی موصوف سے بدینوجہ کہ کام اچھا کا نردیش ہے निर्देश الوہان ہی

نمبر ۱۲ - اب سوتر کا سارا ارتھ کہتے ہین کہ بہید بہیدنیات یعنی آنند سے پرکرن مین جیسا شرتی موصوف نے کیا سنسار

جیو آنندمئے نہین کیونکہ جیو اور آنندمئے بہید کا کتھن شرتی نے صاف کہا ہے اسلئے برہما آنندمئے ہے - ۱۲

جاننے لائق (سانکہہ پرکلپت सांख्य परिकल्पित یعنی سانکہہ نے جو کلپنا کی) کئے اچیتن پردہان پدارتھہ آنند مئے - یا کارن - ان دونو شبدون مین کسی شبد کرکے اپکیشت خواہ باچہت (वाच्यत) نہین ہے یعنی سانکہہ نے جو اچیتن پردہان کو آنند مئے یا کارن - مانا وہ ٹھیک نہین ہوسکتا ہے پس یہی سوتر کا سارا ارتھہ ہوا -

اونیسوان سوتر ॥ अस्मिन्नस्य च तद्योगं शास्ति ॥१९॥ सूत्र ॥ اس سوتر مین چار پد ہین پہلا پد - اسمن یعنی اس آنند مئے پرماتما مین - دوسرا پد - اسّ یعنی اس پرت بُدھ प्रतिबुद्ध جیو کا - تیسرا پد - تدیوگ یعنی تدروپ (جیسے کا تیسے یا بجنسہ) کرکے - آنند سروپ کی پراپتی ارتھات مکت کو شاستر ہے سو چوتھا پد شاست کہتا ہے - مجموعی ارتھہ ہوا کہ آنند مئے پرماتما مین جیو کا تدروپ तद्रूप مکت کو شاستر ہے تو ثابت ہوا کہ سانکہہ نے جیسے کلپنا کی ویسی آنند مئے شبد کے ارتھہ - پردہان یا جیو نہین ہین (سوتر نمبر ۱۲ سی اس سوتر نمبر ۱۹ تک آنند مئے اس کا پرکرن ختم ہوا -)

بیسوان سوتر ॥ अन्तस्तद्धर्मोपदेशात् ॥२०॥ सूत्र

اکیسوان سوتر ॥ सूत्र ॥२१॥ भेदव्यपदेशाच्चान्यः ॥

بائیسوان سوتر ॥ आकाशस्तल्लिङ्गात् ॥२२॥ सूत्र — سوتر کے ارتھہ کہنے سے پہلے

اب سوتر نمبر ۲۰ و ۲۱ مین - ہرن مئے پُرش کو ایشر کہتے ہین ——— سوتر نمبر ۲۰ کی تمہید اس سوتر کی شرح مین پہلے تین شرتی کہتے ہین پہلی شرتی य एषोऽन्तरादित्ये ॥ श्रुत १ ارتھہ یہ کہ اوت کہی شرح کے منڈل مین - جیسے دوسری شرتی ॥ य एषोऽन्तरक्षिणि ॥ یعنی یہ اکش یعنی آنکہہ مین یعنی سورج کے منڈل مین جو آنکھہ مین پُرش ہے او مین شنکا ہے کہ سو پرش سنساری ہے یا پرمیشر ہے دونو شرتیون نے اوس پرش کو ایا کے یہی کہا ہی اسلیئے اگر وہ پرش سنساری ہی تو اپاسنا کرنیکی جوگ نہین اگر پرمیشر ہے تو اپاسنا کرنیکے لائق ہے اسکا سمادہان یہہ ہے تیسری شرتی य एष आत्मापहतपाप्मा ارتھہ یہ کہ جو آتما ہی وہ آپ ہت پاپما یعنی پاپ کرکے اب ہت (طا ہوا) نہین بلکہ سب پاپون سے رہت ہی اور وہ اپاسنا کرنیکی جوگ ہی سو وہی - نت سیدہ پرماتما - آدت منڈل اور آنکھہ مین ہرکا سمان ہی سنسار کا ہرش نہین ہو جہ سی ہت وہرم اپدیشات - اس سوتر مین کہا کہ شرتی نے وہرم کے اپدیش مین اوسکو کہا ہی - سنساری پرش کے اپدیش مین نہین کہا جو اوسکو سنساری پُرش یا پاپ اپ ہت کہا جاوے - ۱۲ سوتر نمبر ۲۱ کی شرح اب اکیسوین سوتر سے یہ بات ڈرہ کرتے ہین کہ آدت وغیرہ شریرابہانی جیو سے - انتر جامی ایشر - ان سیار ہے کیونکہ سوتر نمبر ۲۱ مین کہتے ہین کہ بہید بیدیشات - یعنی شرتی نے درمیان آدت وغیرہ شریر ابہانی جیوا ور ایشر کے بہید کا اپدیش کیا ہی اور وہ شرتی یہ ہے य आदित्ये तिष्ठन्नादित्यादन्तरो यमादित्यो न वेद ارتھہ اس شرتی کا یہہ ہے کہ وہ ایشر آدت مین استہت ہی اور آدت سے نیارا ہے یعنی آدت بہی نہین جانتا - فقط پس آدت وغیرہ دیگر شریر جیو کوئی مین ہین اور آدت وغیرہ شریرون مین جو انتر جامی (جسکی ہستیا سے آدت مین پرکاش ہے) وہ ایشر ہے ... اب اکا پرکا ... اور اوس کی اپاسنا کرنا چاہیئے - اس پرسنگ کا یہ نتیجہ ہے - پرسنگ ختم ہوا - سوتر نمبر ۲۰ سے ۲۲ تک سب مین - ۱۲

اب سوتر نمبر ۲۲ و ۲۳ مین کہتے ہین کہ آکاش شبد برہمہ کا بہی بہی شبد ہی اور اوسکو نام شبد کیطرح - پران شبد سے سمجھنا چاہیئے -

ایک اور پرسنگ واسطے سرپع الفہمی کے لکھتے ہین یعنی چہاندوگ اُپ نشدہ छांदोग्योपनिषद
مین شالاوت शालावत्य نام والا برہمن چیتول जैवलि نام والے راجا پوچہا ہی کہ
اس بھولوک اور نیز اور تمام لوگون کا آدہار کون ہے راجانے کہا کہ اکاس آدہار ہے فقط۔ اسمین
شنکا ہوتی ہے کہ اس موقع پر اکاس شبد کرکے پربرہمہ کا گرہن ہے یا بھوت اکاس کا گرہن ہے اس
سادہان مین شرتی کا ثبوت دیتے ہین یہہ सर्वाणि हवा इमानि भूतानि आकाशादेव स
मुत्पद्यन्ते आकाशं प्रत्यस्तंयन्ति॥ ارتھ اس شرتی کا یہ ہو کہ یہ سرب بھوت اکاس سے ہی اُت پن
ہوتے اور اکاش مین ہی لین ہوتے ہین تہان یہ نرنی ہے کہ بھوت اکاس مین سب کی اُتپت اور لے کا
سمبھبت نہین بلکہ پربرہمہ مین سمبھب ہی۔ یعنی اس موقع پر آکاس نام پربرہمہ کا ہی ہے۔
سوئی سوتر مین کہتے ہین کہ اکاس۔ برحمہ کا لنگ (نشان) लिङ्ग ہی یعنی اکاش شبد۔ برہمہ کا باچک ہے

تیئیسوان سوتر सूत्र॥ २३॥ अतएव प्राणः॥ ارتھ یہ کہ پران جسکو کہتے وہ برحمہ ہے
یعنی پران شبد سے برحمہ کا گرہن ہے۔ ثبوت مین ایک پرسنگ لکہتے ہین کہ سام ویدی اُدگیت پرکرن
مین सामवेदी योद्गीथ لکہا ہی کہ چکرائن رشی चक्रायण کے سامنے ایک پرستوتا
پرستوتا प्रस्तोता نے دیوتا کی اُستتی پڑھی تب رشی نے کہا کہ ہے پرستوتا۔ تم جس دیوتا کی
استہت کرتے ہو تس دیوتا کو تم نہین پہچانتے کہ وہ دیوتا کون ہے اسلیئے میرے سامنے اگر تم بغیر
پہچانے ہوئے دیوتا کی استہت کروگے تو تمہارا سر۔ ٹوٹ پڑیگا۔ ایسا سنکر کمال خوف (بھیے)
سے پرستوتا نے پوچہا کہ مہاراج آپ بتائیے وہ دیوتا کون ہے۔ تب رشی نے اوتر (جواب) دیا
کہ سو دیوتا پران ہی۔ تہان یہہ شنکا ہوتی کہ پران شبد سے پربرہمہ کا گرہن ہے یا پران بائو
کا گرہن ہے جو پنچ بائو ہین۔ پران۔ اَپان۔ سمان۔ اُدان۔ بیان۔ اسکے سادہان مین شرتی
کہتے ہین اور اوسکا ارتھ یہہ کہ سب بھوت پران سے اُت پن اور پران مین ہی لین ہوتے ہین

सर्वाणि हवाइमानि भूतानि प्राणमेवाभिसंविशन्ति प्राणमभ्यु*
اسلیئے اس موقع پر پران نام۔ پربرہمہ کا ہی جس سے سب بھوت اُت پن اور اوسی مین لین ہوتے ہین

چوبیسوان سوتر ज्योतिश्चरणाभिधानात् ॥२४॥ सूत्र ارتھ یہہ کہ جوت شبد سے سورج وغیرہ کی جوت کا گرہن نہین بلکہ پرماتما کا گرہن ہے ثبوت مین ایک پرشنگ لکھتے ہین۔

چھاندوگ اپ نشدہ مین کہا ہی دو نو لوک کے پرے۔ جوت کا پرکاس ہے تہان شنکا ہی کہ جوت سے آدت وغیرہ کی جوت کا گرہن ہے یا پرماتما کا اسکے سماوہان مین ایک منتر یہہ ہے۔

॥ पादोऽस्य सर्वा भूतानि त्रिपादस्यामृतं दिवि ॥ मंत्र ॥ ارتھ اسکا یہ ہے کہ یہ سرب جگت اس پرش کا ایک پاد انش ہے اور دِو سو پرکاس سروپ مین ترپاد۔ امرت روپ ہے दिवि اسیطرح چرنا بہدھانات اس سوتر مین کہا ہی کہ چرن پاد کا۔ ابہدہان کتھن ہے۔ ترپاد کی شرح اگلی سوتر مین

پچیسوان سوتر छन्दोऽभिधानान्नेति चेन्न तथा चेतोऽर्पणनिगदात्तथा हि दर्शनम्

اس سوتر کے چار پد ہین۔ پہلے پد کا ارتھ کہ چوبیسوین منتر مین جو पादोऽस्य सर्वभूतानि کہا تس سے चतुष्पद چتش پد۔ گایتری منتر کا۔ اب دہان ہوتا برہمہ کا ابہدہان نہین دوسرا پد इति चेन्न ارتھ یہہ ایسا نہو۔ کیونکہ تیسرے پد کا ارتھ ہے کہ گایتری गायत्री روپ کے دُوارا گایتری انگت برہمہ مین चेत्त چیت کے سماوہان کا کتھن ہے۔ چوتھی پد کا ارتھ پس جیسے گایتری دُوارا برہمہ کی اُپاسنا ہے تیسے اوُر بھی لکا رودوارا برہمہ کی اُپاسنا کا درشن ہے یعنی دیکھتا ہے۔ گایتری چھند کی مزید شرح سوتر نمبر ۲۶ مین کہتے ہین۔

چھبیسوان سوتر भूतादिपादव्यपदेशोपपत्तेश्चैवम् ॥२६॥ सूत्र اس سوتر مین چار پاد ہین تنکا ارتھ یہہ کہ پہلا پد جو بھوت آو لینی بھوت شبد مین ۱۔ بہوت ۲۔ پرتھی ۳۔ شریر ۴۔ ہردا۔ جو چار جزو تنکو گایتری کے چار پاد (حصہ) جاننا چاہیئے۔ دوسرا پد۔ بیدیش یعنی تن چارون پاد گایتری کا کتھن۔ تیسرا پد۔ اُپ پتی یعنی تسکی گیان ہونے سے۔ چوتھا پد۔ ایم کہیئے نتیجے۔ یہ منتر جو پچھلے سوتر مین کہا पादोऽस्य सर्वा भूतानि۔ اوس باک مین برہمہ کا گرہن ہے۔ پس اُس باک کا نتیجہ جو برہمہ۔ تس برہمہ کا گرہن نہ کرکے صرف چھند کے وہ چارون بھوت چار پاد نہین ہو سکتے۔

تسکا भमा (بھُومان) बाहुल्य (باہلّ) ہے اسی سے پران شبد کا پربرہمہ
باچیہ ہے دیوتا بشیش اندر کا نہین خلاصہ یہہ کہ اندر نے اپنے دیوتا روپ کے اُپاسنا کرنے کا
اپدیش نہین کیا بلکہ ہر دیہہ مین جو آتما جسکو پرتگیا تما کہتے وہی آتما اندر کی دیہہ مین ہے
اوسی پربرہمہ روپ آتما کے اُپاسنا کا اُپدیش اندر نے کیا اسلیئے پران شبد سے پربرہمہ کا گرہن ہے
اب بیسوین سوتر مین پھر بھی ویسی شنکا اور پھر آخر سمادہان کہتے ہین - اکیسوین سوتر

بیسوان سوتر

शास्त्र दृष्ट्या तूपदेशो वामदेव वत्॥३०॥ सूत्र

بیسوین سوتر مین شنکا کہتے ہین کہ جو پران شبد ہے - اندر دیوتا آتما کا گرہن نہین تو اندر نے پرتردن سے
ایسا کیون کہا جسکے ارتھ یہہ ہین کہ (میرے کو ہی تو جان) मामेवविजानीहि اور جیسا - مام
شبد اس پرسنگ مین ہے ویسا اور جگہہ بھی آیا ہے جیسا اس سوتر مین بطور درشٹانت کے کہتے ہین
کہ اسی طرح بامدیو रिषि گربہہ کے اندر کہا تہا کہ مین منو - ہوتا بہیا - سوریہ ہوتا بہیا वामदेव
ویسے ہی اندر دیوتا نے اپنے آتما کو شاستر درشٹی سے (یعنی یہہ ثبوت شاستر کے) پرماتما جانکر
ایسا اُپدیش کیا ہے اسکا سمادہان اکیسوین سوتر مین کہتے ہین - मामविजानीय

اکیسوان سوتر

जीवमुख्य प्राणलिङ्गान्नेति चेन्नोपासात्रैविध्यादाश्रितत्वादिह तद्योगात्॥२१॥ सूत्र

تمہید جسطرح بام دیو رشی گربہہ مین کہتا بہیا کہ مین منو ہوتا بہیا اور سوریہ ہوتا بہیا
کہ یہہ پرسنگ پچھلے سوتر مین کہہ آئے ہے یعنی اوس بامدیو باک سے ظاہر کہ بامدیو نے اپنے کو منو اور سوریہ
ہونا کہا ہے پرماتما کو نہین کہا کیونکہ مام شبد کا جوگ کہنے والے کے دیہہ سے ہوتا اوسی طرح اندر نے
مام شبد کہا اوس سے اندر کے دیہہ کو سمجہنا چاہیئے کہ اندر نے اپنے دیوتا روپ دیہہ کے اُپاسنا کرنیکے لیئے
پرتردن کو اُپدیش کیا یہان تک شنکا ہی سوئی شنکا اس اکیسوین سوتر کے پہلے پاد مین کہتے ہین
اور پھر سمادہان کہتے ہین شنکا मामेवविजानीहि باکیہ برہمہ کی پرتی پادک (برہمہ کے
ثابت کرنیوالے) نہین کیونکہ اسمین جیو لنگات जीवलिङ्गात॥१॥ پہلا پاد - ۲ - مکہیہ پران
لنگات मुख्यप्राणलिङ्गात्॥२॥ دوسرا پاد - ۳ - نہ باہم بگیا سیت بکتا رم پر بات

नवा चविजिज्ञासीत विज्ञा॰ । विद्यात ॥३॥ یہ تین باک ہین - ان باکیون کو جیو کا لنگ ہونے سے ज्ञापक گیا ہے لی کے جاننے کی اچھا نہ کرنا چاہیئے

بلکہ بانی کے بکتا (یعنی کلام کرنیوالے - متکلم - کو جاننا چاہیئے اور نیز मामेव प्रज्ञात्मा اس باک کو مکہہ پران کا لنگ ہونے سے جسکا ارتھ پہلے لکھے آئے ہین یہاں تک سوتر مین شنکا کہی اب اوسکا سمادہان کہتے ہین کہ इति चेन्न اس سوتر کا تیسرا پاد ہے ارتھ یہہ ایسا

کیونکہ یہہ اس سوتر کا چوتھا پاد ہے जपासा त्रै विद्यात جسکے ارتھ یہہ ہین کہ تین پرکار کی اپاسنا کا پرسنگ ہونے سے اور وہ تین اپاسنا یہہ ہین - پہلے جیو اپاسنا - دوسرے پران اپاسنا تیسرے برہمہ اپاسنا - چونکہ برہمہ کے جوگ سے برہمہ کے آشرت आश्रित آئے ہین جو سے جیسا سوتر کے پانچوین پاد مین کہا ہے مामेव विजानी। ह اسلیئے جو باک اندر نے کہا یہہ باک برہمہ پر ہے -

پہلا ادھیا کا پہلا پاد سماپت ہوا اور اس کل ادھیا کا نتیجہ یہہ ہوا کہ ۱ - برہمہ کی جگیاسا کرنی چاہیئے - ۲ - سو برہمہ جگت کا کارن ہے - ۳ - وہ برہمہ آنند سروپ ہے - ۴ - پُرش اوس برہمہ کا لکشن ہے - ۵ - اکاس پران - جوت شبدون سے برہمہ کا گرہن ہے فقط -

متی اگن سودی نو معاشی سمت ۱۹۵۶ مطابق ۱۷ ماہ دسمبر سنہ ۱۸۹۹ع ایام قحط غلہ ۱۳ ثارنی روپیہ مقام ایٹہ -

پہلے ادھیا کا پہلا پاد ختم ہوا - اب پہلے ادھیا کا دوسرا پاد شروع ہوتا ہے -

॥ इति श्री श्रीमन्महा कराभिनंद: व्यासजी कृत ब्रह्म सूत्र सारार्थ प्रदीप कायां भवानी प्रसाद स्य कृत उल्थायां प्रथमोध्यायस्य प्रथम पाद:

समाप्तं शुभ भूयात्

॥ हरी ॐ तत्सत ॥३॥

پہلے ادھیاء کا دوسرا پاد (حصہ) شروع ہوا

پہلا سوتر सर्वत्र प्रसिद्धोपदेशात ॥१॥ ارتھ۔ سرب (تمام) بیدانت شاستر مین پرسدھ برہمہ کا اُپدیش ہے اسلیئے تمہید مین جو منومے آدو دہرم کہے اون منومیٔ آدو دہرم کرکے پر برہمہ ہی اُپاسنا کی جوگ ہی

دوسرا سوتر विवक्षितगुणोपपत्तेश्च ॥२॥ सूत्र ارتھ۔ اور بکشت کہے بانچھت (خاص اچھا کئے ہوئے) ست کام ست سنکلپ وغیرہ विवक्षित گُن نمبر۔ تنکا برہمہ مین उपपत्ति (اُپ پت) گیان ہوتا اسلیئے برہمہ ہی اُپاسنا کے جوگ ہی۔

تیسرا سوتر अनुपपत्तेस्तु न शारीरः ॥३॥ सूत्र ارتھ۔ دوسرے سوتر مین جو ست سنکلپ وغیرہ گُن بیان کیئی سو وہ گُن جیو مین نہین ہین ارتہات جیو کا نہ ست کام ہے نہ ست سنکلپ ہے اور شاریر کہتے ہے (شریر کے اندر) ہونیوالا جیو آتما۔ منومئے آدو دہرم کری اُپاسنا کی جوگ نہین بلکہ برہمہ ہی اُپاسنا کی جوگ ہے

چوتھا سوتر कर्मकर्तृव्यपदेशाच्च ॥४॥ ارتھ۔ سوتر کے ارتھ لکھنے سے پہلے بطور شرح یا تمہید کے ایک شرتی لکھتے ہین एतमितः प्रेत्याभिसंभविताऽस्मि ॥ श्रुति ارتھ اس شرتی کا یہہ ہے کہ اُپاسک جیو کہتا ہے کہ مین इतः اس لوک سے प्रेत्य مر کے एतम् اس میرے اُپاس پرماتما کو अभिसंभविताऽस्मि ॥ (پراپت ہونگا۔ فقط۔ اب سوتر کا ارتھ کہتے ہین کہ اس مذکورہ بالا شرتی باک مین کرم اور کرتا کا کہتن ہونیسے منومئے آدو دہرم کرکے جیو آتما اُپاسنا کی جوگ نہین بلکہ برہمہ ہی اُپاسنا کی جوگ ہے یعنی سرتی باک سے ثابت کہ اُپاسیہ پرماتما کرم اور اُپاسک جیو کرتا (فاعل) ہے اور ظاہر کہ اگر جیو ہی اُپاسیہ (اُپاسنا کرنیکی لائق معبود) ہووے تو ایک ہی جو کرم اور کرتا نہین ہوسکتا

تمہید۔ تیر اس پستک کے پہلے پاد مین۔ دوسرے سوتر जन्माद्यस्य यतः سے برہمہ کو تمام جگت کا کارن اور بارہوین سوتر आनन्दमयोऽभ्यासात् سے کرکے تو نام کہکر اگلے سوترون مین منجملہ پنچ کوش کے ایک آنندمے نام کا برہمہ مین سمنوے کیا اب اس دوسرے پاد مین یہہ نرنے کیا جاوے گا کہ باقی چار کوش جن مین برہمہ لنگ سپشٹ نہین وہ باک جیسے मनोमयः منومئے آدو دہرم کرکے جیو کی اُپاسنا ہے یا برہمہ ہی برہمہ کے پرتی پادک (ثابت کرنے والے) ہین یا نہین ۔ یا برہمہ کی اُپاسنا ہے۔

ارتھ۔ شبد کرکے بہید ہے اور دو

پانچوین سوتر ॥ शब्दविशेषात ॥ ५ ॥ सूत्र

شرتی شبد یہہ ہے جسکرکے بہید ہے

यथा व्रीहिर्वा यवो वा श्यामाको वा श्यामाकतण्डुलो वैवमयमन्तरात्मन पुरुषो हिरण्मयः

اس شرتی مین جو ایک अन्तरात्मन انترآتم دوسرا पुरुष دو شبد۔ متضاد مین یعنی۔ پہلا انترآتم شبد۔ ساتوین بہکتی جیوآتما کو اور دوسرا پُرش شبد پہلے بہکتی کرکے (منومئے آدگن بششٹ) پرماتما کو کتھن کرتا ہی اسطرح شبد کے بہید ہونیسے جیوآتما سے پرماتما بہن (علیحدہ) ہی اور کل شرتی موصوف کا ارتھ یہہ ہے کہ جیسے व्रीहि چاول (جب) جو۔ شیاملک ش ان۔ اور شیاماک تندلا۔ ارتھات۔ شیاملک چانول تنڈل کہتے ہین وہ پرودہ کے بھیتر ہوتے۔ تیسے یہہ (ہرن مئے پرکاش سروپ پُرش پرماتما) انترآتم یعنی جیوآتما کے ہردے دیش مین ہے۔

چھٹا سوتر ॥ स्मतेश्च ॥ ६ ॥

ساتوان سوتر

अर्भकौकस्त्वात्तद्व्यपदेशाच्च नेति चेन्न निचाय्यत्वादेवं व्योमवच्च ॥ ७ ॥ सूत्र ॥

اس سوتر کے پہلے پاد مین پورب پکش بطور اعتراض یا شنکا کے کہتے ہیکہ अर्भकौकस्त्वात یعنی ہردا ایک الپ (چہوٹا) استہان ہے تس ہردے روپ الپ استہان مین ہونے سی جیسا پانچوین چھٹے سوتر مین کہا اور جیسا پانچوین سوتر مین۔ چانول اور جو کا درشٹانت کہا۔ ان یان۔ کہنے سو کشم کتھن ہونے سی معلوم ہوتا کہ ہردے کمل مین الپ وبیاپک نہین بلکہ ہردے کمل کے اندر سوکشم جیو ہے اب اُتر پکش سمادہان کہتے ہین۔ سوتر کا دوسرا پد इति चेन्न ارتھ جیسا تمہارا پورب پکش سوتر کے تیسرے پد مین کہتو (निचाय्यत्वादेवं व्योमवच्च) ... व्याम ... بیاپک (یعنی تتا بڑا ہی کہ سروتر مین بیاپک ہی تاہم ہوئی کا منع جو تہاتے سوکشم اورکہ وہ چہوٹا نہین یعنی گہرائی کرکے آکاس۔ الپ کے ثبوت کہتے ہین

کہتے ہین کہ پانچوین سوتر مین تو شرتی کا ثبوت کہا اب چھٹے سوتر مین وہی بات سمرتی کے ثبوت کہتے ہین

ईश्वरः सर्वभूतानां हृद्देशेऽर्जुन तिष्ठति ॥ भ्रामयन्सर्वभूतानि यन्त्रारूढानि मायया ॥ स्मृति ॥

سمرتی یہ ہے اور ارتھ اس سمرتی کا یہی ہے کہ بھگوان کہتے ہین کہ ہے ارجن ایشور انترجامی جنتر شریر مین آروڑھ سب جیو دن کو مایا کرکے بہرماتا ہوا اور سب پرانیون کے ہردے دیس کے بہیتر ستہت ہی۔ فقط اسطرح سمرتی کرکے بہی جیوآتما اور پرماتما کا بہید ثابت ہی

استہان والا اور سوکشم کہلاتا ہی اگر کہو کہ سرو بیاپک آکاس اور سوئی کے سوراخ مین جو آکاس ہے یہہ دو آکاس جداگانہ ہین سو نہین - وہی ایک جہاآکاس سرو مین بیاپک اور وہی اوسکے اندر اپادہو گہٹ مٹھ وغیرہ آجانے سے اُپادھون کے اندر جسقدر سادکاس پاتا اوسیقدر کی بابت اوسکا نام بدلے نام۔ گھٹاکاس۔ مٹھ اکاس - پٹ اکاس وغیرہ کہا جاتا ہی اوس آکاس جڑہ روپ سے بھی بہت بڑا ایشر ہے کہ آکاس بھی جسکے اندر ہے ارتہات اصلی سرو تر بیاپک ایشر ہے جو سرب بیاپک آکاس کے اندر بھی بیاپک ہے اسلیئے وہ اصلی بیاپک ایشر ہردے ہین निचाय्य کہنے کہنے کے جوگ الپ استہان والا اور سوکشم کہاتا ہے (شرح ایزاد از خاکسار بھوانی پرشاد مترجم) ایشر کے رہنے کا اور جیو کے دیکہنے کے لائق ایک ہردا استہان ہی ہے کہ گیان چکشو کر کے ہردے مین ہی بیاپک ایشر کا درشن ملاپ ہوتا - سرگ وغیرہ مین ایشر کا استہان بیان ہونا محض جگہنا ہے - صوفی گیانی مہاتماؤن کا بھی انہوسے بقول سے دل کے آئینہ مین ہے تصویر یار + جب ذرا گردن جھکائی دیکھ لی + دیگر سے گھٹ مین دیکہت ہین لعنت ایسی زند + نانک یا سنسار کو بھئو موتیابند + بس ہردے استہان کو سوا اور کسی جگہ ایشر کو تلاش کرنا واقعی بیفایدہ ہے - البتہ اتہہ کرن شدہ کرنا چاہیئے تب یہ جون کا تیون کے چون صورت بہ آئینہ - بلا شک ایشر کا درشن ملاپ ہو جاویگا

شرح دوم بطور یادداشت - واضح ہے کہ بیاس جیکا کہاہوا یہہ ساتوان سوترا اسقدر ہے - स्मृतेश्च ॥ جسکے لفظی معنے یہہ کہ جیسا سوتر نمبر۶ مین شرتی کا ثبوت کہا ویسی سمرتی کا بھی ثبوت ہے لیکن بیاس جی نے خود اسموقع پر وہ سمرتی نہین لکہی جسکا حوالہ دیتے ہین بہاشکارون نے بجاے اوس سمرتی مستدلہ و مضمرہ بیاس جی کے شرح مین گیتاجی کا واک لکہدیا ہی سو اسکا یہہ مطلب ہے کہ گیتاجی کے تیسرے ادہیاین کرشنچند مہاراج نے ارجن سے کہا ہی کہ مین کورا باسدیوجی کا بیٹا نہین بلکہ آدآتما ہون چنانچہ سرشٹی کے آدکال مین منے جوگ منو سے اور منو نے اکشواکو سے کہا تھا فقط بس یہی سمجہنا چاہیئے کہ بیاس جی ایشر کے اوس واک کا بلفظ سمرتی کے حوالہ و ثبوت دیا ہی جو ایشر نے سرشٹی کے آدمین کہا تھا اشلوک مندرجہ گیتاجی زمانہ مابعد مہابہارت گویا ترجمہ یا مطابق اُس اصلی شرتی کو ہی جو منوسمرتی مین بھی امر کہا گیا

آٹھوان سوتر

सम्भोग प्राप्तिरिति चेन्न वैशेष्यात् ॥८॥ सूत्र

پہلے پادسے ارتھ مین بطور شنکا کہے ہین کہ پہلے تین بات کہہ آئے ہین۔ ۱۔ برہمہ سرب گت چیتن ہے ۲۔ برہمہ کا سب پرانیون کے ہردے کے ساتھ سمبندہ ہے۔ ۳۔ شریر جیوآتما سے ابھن ہے ایسا کہنے سے سُکہہ دُکھہ وغیرہ کے سم بھوگ کی پراپتی ہوگی۔ دوسرا پد सम्भोग प्राप्ति سماداہان مین کہتے ہین इति चेन्न ایسا نہ کہو کیونکہ تیسرا پد ہے वैशेष्यात یعنی دہرم ادہرم کا کرتا اور سُکہہ دُکھہ کا بھوگتا۔ جیوآتما ہے۔ پرماتما۔ نہ دہرم ادہرم کا کرتا اور نہ سُکہہ دُکھہ کا بھوگتا ہے اسطرح جیو اور برہمہ مین विशेषता بشیشتا ہے۔

(شرح از انداز خاکسار بھوانی پرشاد مترجم) جیسے ساتوین سوتر مین سروتر بیاپک اور نہرات سوکشم روپ ہونا اکاس کا کہا۔ اور جیسے سُورج کی پربہا (روشنی) سروتر بیاپک اور چھوٹے سے زیادہ چھوٹے سُوراخ کے ذریعہ سے ایسے بڑے بیاپک۔ بڑے دیہہ والے سُورج کا درشن ہوجاتا اور سب دُنیا کے کاریہ سُورج وغیرہ کی روشنی مین کیئے جاتے مگر سنساری سب دیہہ دہاری جیوون کرم کرنیوالون کے ساتہ۔ وہ اکاس یا سُورج نہ تو اُنکے کسی کاریہ کا کرتا اور سنساریون کو جو اپنے کرم بھوگ سُکہہ دُکھہ بھوگنا پڑتا نہ اکاس ہے نہ سُورج ہے۔ تیسے۔ ہردے استھان مین جو بیاپک ایشر نہ کسی کرم کا کرتا نہ کسی پھل کا بھوگتا ہے۔ اور جیسے بذریعہ چھوٹے سے زیادہ چھوٹے سوراخ کے۔ اکاس اور سُورج بڑے بڑے دیہہ والون سرب کا درشن ہوجاتا تیسے نرودش کہئے شُدہ انتہکرن مین جو شُدہ من۔ شُدہ چت۔ اتی سوکشم روپ کے ذریعہ سے سب سے بڑے۔ ہرن گربھہ و براٹ روپ سرب بیاپک ایشر کا درشن ہوجاتا ہے۔

نوان سوتر

अत्ता चराचरग्रहणात् ॥९॥ सूत्र

اس سوتر کے اکشر ارتھہ کہنے سے پہلے ایک برتانت بطور شنکا کے لکھتے ہین یہہ کہ کٹھ ولی اُپنشدہ مین ایسا کہا ہے यस्य ब्रह्म च क्षत्रं च चोभे اس اُپنشدہ واک کا ارتھہ یہہ کہ برہمن اور چہتری دونون جسکے اُودن کہئے خوراک भवत यौदनः मृत्युर्यस्योप सेचनं ॥ مہہ

اور مرت جسکا ۔ اُپسیچن उपसेचन ہے یعنی گہرت ہگی ایسا جو سرب کا بھکشک (کہانیوالا) سو یہان ہے ۔ ایسا کون جان سکتا ہی ۔ اسمین یہہ سندیہہ (شبہ) ہے کہ برہمن چہتری اور مرت کا بھکشک اگن ہے یا جیو ہے یا پرماتما ہے اسکا اوتر سوتر کے ارتھ مین کہتے ہین کہ چراچر استہاور اور جنگم کا گرہن ہونیسے ۔ برہمن ۔ چہتری ۔ مرت سے آدلیکر سبکو بھکشن کرنیوالا ایک پرماتما ہے ۔ پرماتما کے سوائے اور کوئی بھکشن کرنے والا نہین ۔

دسوان سوتر

॥ प्रकरणाच्च ॥ १० ॥ सूत्र ॥ اس سوتر مین جو پرکرن کا حوالہ دیا ہے سو وہ پرکرن یہہ ہے

न जायते म्रियते वा विपश्चित् ॥ اس ارتھ

بات کا یہ ہی کہ بپشچت (یعنی سبکو جاننے والا) پرماتما نہ جنمتا ہے نہ مرتا ہے ۔ پس اس پرکرن سے بھی یہی نتیجہ نکلا کہ پرماتما ہی سب کا بہکشک ہونے جوگ ہے ۔

گیارھوان سوتر

गुहां प्रविष्टावात्मानौ हि तद्दर्शनात् ॥ ११ ॥

ارتھ اس سوتر کا یہہ ہی کہ ہردے اکاس روپ گپھا کے اندر ۔ جیو اور پرماتما استہت ہین ۔ بُدہ اور جیو نہین اس سوتر کے پہلے پد کا ارتھ ہوا اب دوسرا پد یہہ ہے (تد درشنات) ارتھ یہہ کہ جیسے دنیا مین گئو کے سمان سوبہاؤ والی گئو ہے گہوڑا نہین ۔ تیسے چیتن جیو کے سمان سوبہاؤ والے چیتن پرماتما کے درشن ہونیسے بُدہ اور جیو کا سمان سوبہاؤ نہین فقط یعنی جیو چیتن اور بُدہی جڑہ ہے بدینوجہ وہ دونو سمان سوبہاؤ والے نہین بلکہ ایک چیتن سوبہاؤ ۔ جیو اور پرماتما کا ہے تیرج اسلیئے ہردے کے اندر ۔ ایک چیتن براجمان ہر تسکے برتی کرکے جیو اور پرماتما دو نام ہین ۔ یہہ اگلا شرتی

یہہ سوتر بلاکٹھ ولی آپ نشدہ مین یہ شرتی ہے

ऋतं पिबन्तौ सुकृतस्य लोके गुहां प्रविष्टौ परमे परार्धे ॥ छायातपौ ब्रह्मविदो वदन्ति पंचाग्नयो ये च त्रिणाचिकेताः ॥१॥ श्रुति

ارتھ اس شرتی کا یہ کہ برہمہ کے بیتا پُرش ۔ ۲ ۔ پنچاگنی کے اپاسک کرمی پُرش ۔ ۳ ۔ ترناچکیت اگن کے اپاسک ارتہات یہ تین قسم کے اپاسنا کرنیوالے ۔ کہتی ہین (شرتی ارتھ) کرین کرم کا کارج جو دیہہ تسمین پر برہمہ کا سرشٹ استہان ہردا ہے تس ہردے مین جوا کاس روپ گپھا ایک گوہا ہے لتن گوہا مین پر برہمہ استہت ہوا اور ادش بہاوی کرم پہل (لازمی امر شدنی) کو بھوگتے ہین اور چہایا اور دہوپ کیطرح پرسپر (باہم اوکی) برودہ (برخلافی) ہے اس ارتھ مین یہہ شنکا ہی کہ اس شرتی مین بُدہ اور جیو کا نردیش निर्देश (بیان) ہے یا جیو اور پرماتما کا ۔ اسکے اوتر ۔ ۱۱ ۔ گیارھوان سوتر کہتے ہین

بارہوان سوتر विशेषणाच्च ॥१२॥ सूत्र اس سوتر مین وشیشنون کا حوالہ دیتے ہین تن وشیشنون کو بیاسکار بذریعہ شرتیون کے دکھلاتے ہین - پہلی شرتی आत्मानं रथिनं विद्धि शरीरं रथमेव तु ॥ श्रुति ॥ اس باک مین रथिनं پد سے جیوآتما کا وشیشن ظاہر ہوتا اور دوسری شرتی ہی ہے सोऽध्वनः पारमाप्नोति तद्विष्णोः परमं पदम् ॥ श्रुति اس باک مین (پرم پدم) پد سے پرماتما کا وشیشن ظاہر ہے گویا دو شرتیون کے اوتھن سے جیوآتما اور پرماتما کا گرہن ہے یہی گیارہوین سوتر مین کہا فقط -

اور اوس پہلی شرتی کا ارتھ یہہ کہ جیوآتما کو रथी ارتہات ارتھ مین بیٹھنے والا اور شریر کو رتھ جانا دوسری شرتی کا ارتھ یہہ کہ سو جیو سنسار مارگ کے پار کو پراپت ہوتا اور وہ پار - بیاپک پرماتما کا پرم سروپ ہے فقط

تیرھوان سوتر अन्तर उपपत्तेः ॥१३॥ सूत्र ارتھ اسکا یہہ کہ نیتر کے اندر پرماتما ہے کیونکہ آپ ہتے) یعنی پرماتما مین अमृतत्वाभयत्वादि گنون کا گیان ہوتا ہے -

چودہوان سوتر स्थानादिव्यपदेशाच्च ॥१४॥ सूत्र ارتھ یہہ کہ ایک نیتری برہم کا استہان نہین بلکہ شرتی بآگہی یः पृथिव्यां तिष्ठन् ॥ श्रुति ارتھ یہہ کہ شرتی با کیون کرکے پرتھوی سے لیکر بہت پرمیشر کے استہان بتائے ہین تنمین ایک نیتر ہی پرمیشر کا استہان ہے چنانچہ شرتی کا اکثر ارتھ یہہ کہ پرمیشر پرتھوی مین استہت ہی یعنی اس شرتی مین پرمیشر کا استہان پرتی اور پہلی شرتی مین پرمیشر کا استہان نیتر - تیسے اور شرتیون مین ہردے وغیرہ کو پرمیشر کا استہان بتایا ہے مطلب یہہ کہ جہانتک جس استہان پر چیتن تا پرتیت ہوتی وہ برہم چیتن کا ہی جلوہ ہے

مہیکو ہرما اب آور ہر پرسنگ سے پرماتما کے سروپ کو کہتے ہین - اور اوس پرسنگ کے روپک مین ایک شرتی کہتے ہین - य एषोऽक्षिणि पुरुषो दृश्यते एष आत्मा ॥ श्रुति ॥ ارتھ اسکے یہہ کہ جو یہہ آنکھہ مین پرش دیکھتا ہی سو آتما ہے فقط - اس مین یہہ شبہے قایم کرے کہ نیتر مین - پرتی بہب (چھایا) آتما ہے یا جیوآتما ہو یا نیتر کا ادھشٹاتا دیوتا ہے یا پرماتما ہے کیونکہ آتما کا شبد چارون مین ہے - اسکے سمادھان مین تیرہوان سوتر کہتے ہین

مہیکو ہرما شنکا - اکاس وت سرب گت برہم کا استہان الپ (چھوٹاسا) نیتر نہین ہوسکتا اسکے سمادھان مین کہتے ہین -

اسی وجہ سے ہر موقع چیتن روپ والیکو پر برہمہ کا استہان جابجا اینک پرسنگوں سی شرتیون نے کہاہی

پندرھوان سوتر

सुखविशिष्टाभिधानादेव च ॥१५॥ सूत्र

پہلے ارتھ کو دڑہ کرتے ہین کہ دہیان کیواسطے بہید کی کلپنا کرکے (سگہہ گُن وششٹ) یعنی سکہہ گن کے ملا ہوا کہو یا سُکہہ روپ کہو۔ آنند روپ کہو) برہمہ کو نتر مین شرتی مندرجہ سوتر تیرہوین مین کہا ہے۔

شرح زائد از بہوانی پرشاد مترجم۔ پرماتما کو آنند روپ وغیرہ کہنا بھی محض کلپت اور براے نام اسواسطے شرتی اور رشیون نے کہا ہی کہ سکہہ آدی وششٹون کرکے اوس نرگن نراکار نربکار انام اروپ کا دہیان کر لیا جاوے اسلیئے یہ آنند وغیرہ شبد پرماتما کی نسبت بہید باد مین صرف دہیان کیلیئے ہیں اور بطور واقعی کے غیر صحیح ہین۔ جب ایسے بہید بادک اور بہید سروپون کے دہیان سے انتہکرن شدہ اور چت سماد ہان ہوجاویگا تب اوس دہیان کرنیوالیکو اصلی نرگن نراکار نربکار سروپ پرماتما انبہو مین آجاویگا کہ جو تحریر و تقریر سے باہر ہے۔

سولہوان سوتر

श्रुतोपनिषत्कगत्यभिधानाच्च ॥१६॥ सूत्र

اس سوتر کے پہلے پد مین جو کہا اوسکا ارتھ یہہ کہ جن رشیون نے اپنشدون کا رس شروَن کیا (سُنا بچارا ہے) اُنس برہم بنیتا پُرش کو श्रुतोपनिषत्क کہتے ہین جو سوتر کا پہلا پد ہے اُنس پرش کی جوگت (پرسدہ دیوجان مارگ) اُنکا شرتی سمرتیون مین ابہدہان अभिधान ہونے سی (جو یہہ ابہدہان شبد سوتر کا دوسرا پد ہے) کہا کہ نیتر استہان مین پرماتما ہے۔

سترھوان سوتر

अनवस्थितेरसंभवाच्च नेतरः ॥१७॥ सूत्र

خاص وجہ یہہ ہے کہ تینون۔ چہایا تما۔ جیو آتما۔ دیوتا۔ سدا ان استہت نہین رہتے اسلئے یہہ نیتر استہان والے نہین ہو سکتے ہین اس سوتر کے پہلے پاد کے ارتھ مین اب سدا ان استہت نرہنے کی وجہ دکہلیت کہتے ہین کہ جب کوئی پُرش آنکہون کے سامنے ہووے تب چہایا تما دیکہتا ہے چنانچہ جب کوئی پرش

اور بہید مین جو شنکا کی کہ جہان سروپ الاکا استہان الپ نہین ہو سکتا اسکا اوتر ساتوین سوتر کی شرح مین ملاحظہ طلب نمبر۲ شنکا چہایا تما۔ جیو آتما۔ دیو آتما۔ نیتر استہان والے کیون نہین ہین اسکی وجہ کے بیان مین کہتی ہین۔

[illegible]

سامنے نہین ہوتا تو آنکھ کے اندر پرش کیصورت قطعی معلوم نہین ہوتی اسلیئے وہ چھپایا تما فرضی ہی
اور نیتر اوسکا استہان نہین اور جیو آتما کا جیسا تمام شریر اور اندریون کے ساتھ سمبندھ ہے ویسا آنکھ کے
ساتھ بھی ہی اسلیئے جیو کا خاص استہان نیتر نہین - اگرچہ یا یک برہمہ کا بھی سب کے ساتھ سمبندھ ہے
لیکن ہردا - نیتر آدی دیسون کو - برہمہ کے دیس شرتی کہتے ہین اسلیئے نیتر استہان برہمہ کا ہی ہی
باقی رہا دیوآتما سو وہ वाहिदेश مین ہے اور اسلیئے وہ آتم تت نہین ہے شرح مزید از
خاکسار بھوانی پرشاد مترجم ہے یعنی نیتر استہان کا مالک بہائی دیوتا سورج کہا جاتا ہی سو سورج کا
نیتر سے باہر دیس - استہت استہان ہے خاص نیتر سورج کا استہان نہین فقط اسطرح
اس سوتر کے دوسرے پاد مین کہا ہی کہ ऽपसम्भवाच्च ॥ ارتھ یہہ کہ چھپایا تما - جیو آتما -
دیوتاتما - ان تینون مین - امرتت اور ابھی تت گنون کا اسمبہب ہو نیسے - نیتر استہان والا
پرمیشر ہے - یہہ پرسنگ ختم ہوا -

اٹھارھوان سوتر

ऽन्तर्याम्यधिदैवादिषु तद्धर्मव्यपदेशात ॥१८॥

ارتھ یہہ کہ ادہ دیو - ادہ جگ - ادہ بہوت - سب کا پریرک جو - انتر جامی - لیسیمن तद्धर्म سے
(پریرکتا) دھرم - کتھن ہونیسے اون ادہ دیو آدکون مین انتر جامی شبد سے پرماتما کا گرہن
یعنی پرماتما انتر جامی ہے اور تمہید مین جو شرتی لکھی تسکا ارتھ یہہ ہے کہ جو پرتھی وغیرہ دیوتا ان
مین ہی سوا دھوت اور سرپاک مین ہی سوا دھی دیو ک - اور جو سب بدین مین ہی سوا دہ وید - اور جو سب جگہ مین سوا دھی جگ - اور جو
سب تتون مین سوا دہی بہوت مین اور جو سب کے آتماس ادہیاتم ہان سبکو جو کوئی انکی اندر استہت ہو کر پریرتا ہی سو انتر جامی ہی انکو
اور کرکے ساکہہ سمرتی مین جو جگت کا کارن اور پریرک کلپنا کیا سو وہ پردہان انتر جامی شبد کا واچیہ ہی آیسا نہین

سو تو پردہان کی پرسنگ ہی کہ - انتر جامی شبد خاص الشیر کیلئے ہے - پردہان - اور جیو - کے لیئے نہین فقط
تمہید انتر جامی براہمن (ڈب نشدہ) مین ایسا کہا ہی य पृथिव्यै तन्तम विलोकमधिवेद मधिय त
मधिभूत म ध्यात्मं च कश्चिदन्तर वस्थितो यमयितान्तर्यामि ॥ अस्ति
ایسن بہ مسثنے ہی - کہ - نمبر - انتر جامی شبد سے - آدہ دیو - آدہ جگ - ادہ بہوت - اپہائی دیو کا گرہن
یا جس جوگی مین - آتمان وغیرہ ऽपरातमादि سدھی ہون اوس ایسے اشرج والے جوگی کا گرہن ہے یا پرماتما
کا گرہن ہی تا شیر یہہ ایمن کہ انتر جامی کون ہی - اسکے سما دہان مین کہتے ہین -

اکیسواں سوتر अदृश्यत्वादि गुणको धर्मोक्तेः ارتھ-

اس سوتر میں اخیر پر جو دہرموکت پد ہی - سو پہلے دہرموں کو سمجھو وہ یہ ہیں यः सर्वज्ञः श्रुति
(جو سامان روپ سے سبکو جانتا اور سووشیش روپ کرکے سبکو جانتا- सर्ववित श्रुति
یعنی سامان و وشیش دونو روپ سے جو سبکو جانتا اسلیئے وہ سروگ (سبکا جاننے والا) ہے
تن سروگ آدی دہرموں کا پرماتما میں کتھن ہے اسلئے अदृश्यत्वादि گن والا اور بھوت
جونی (سبکا کارن) پرماتما ہی ہے - پردہان خواہ شریر آتما یا اور کوئی نہیں -

بائیسواں سوتر विशेषणभेदव्यपदेशाभ्यां च नेतरौ ॥२२॥ सूत्र

اس سوتر کے پہلے پاد کے ارتھ میں شرتی لکھتے ہیں दिव्यो ह्यमूर्तः पुरुषः ارتھ یہہ
دب (کہیئے سویم جوت) اموُرت (مورتیمان نہیں) پورن پُرش - پرماتما ہی دوسری شرتی
अक्षरात् परतः परः ॥ श्रुति ارتھ یہہ کہ اکشر (کہیئے پردہان) تس سے پر - پرے پرماتما ہی
مطلب یہ ہے کہ ان شرتیوں میں جو دب - اموُرت - پرش وشیشن پہلی شرتی میں کہے - ان وشیشنوں
کا کتھن پریشر کی نسبت ہے اور دوسری شرتی میں جو اکشرات پرتر یہ کہا اس پاک میں پردہان
سے پرماتما کا بھید کتھن کیا (اسکی خبر سوتر کے دوسری پاد) नेतरौ سے نکالتے ہیں یعنی
آتما اور پردہان سب بھوتوں کا کارن نہیں بلکہ پرماتما کارن ہے

تیئیسواں سوتر रूपोपन्यासाच्च ॥२३॥ सूत्र

اس سوتر میں جو روپ پد ہے
سو واسطے ظاہر اور ثابت کرنے پریشر کے روپ کے ہی کہ اوس پریشر کا روپ ایسا ہی جیسا شرتی
نے کہا अग्निर्मूर्धा चक्षुषी चन्द्रसूर्यौ दिशः श्रोत्रे वाग्विवृताश्च
वेदाः ॥ वायुः प्राणो हृदयं विश्वमस्य पद्भ्यां पृथिवी ह्येष सर्वभूता
न्तरात्मा ॥ श्रुति
اس شرتی کے ارتھ میں پرماتما کے براٹ روپ کا برنن ہی یہہ کہ پرماتما کا द्युलोक (کہیئے سورگ) مورد(ھا)
اگنی اور چندر - سوریہ اوسکے نیتر (آنکھ) اور دسا - (پورب وغیرہ) اوسکے کان اور بانی (زبان)
اوسکی پرسدہ وید ہی - بائو - اوسکے پران ہیں - تمام بسوا اوسکا ہردا ہے - پرتھوی اوسکی پاؤ (چرن) ہے

بس جسکا یہہ روپ ہے سو سب بھوتون کا انتر آتما ہے - یہانتک شرتی کا ارتھ ہوا اب سوتر کے دوسرے پاد کا
ارتھ کہتے ہین کہ پرمیشر کے روپ کا کہتن جیسا شرتی سو ضوء مین کیا سو پرمیشر الیسے سروپ الانسب بھوتون
کا جونی کارن ہی - اب چوبیسوین سوتر مین اور پرسنگ لکھتے ہین -

چوبیسوان سوتر

॥ वैश्वानरः साधारण शब्द विशेषात् ॥२४॥ سوتر

نوان سوتر असम्भवस्तु सतोऽनुपपत्तेः ॥ ९ ॥ सूत्र اب برہم کو اجنما ثابت کرنے مین کہ اگر کوئی ایسا کہے یا خیال کرے کہ جیسے لوک مین سو کشم پدارتھ بائو وہ آکاس سے اُتپت والا اور اُس سو کشم پدارتھ آکاس وہ برہم سے اُتپت ہوا تو اسی سلسلہ سے برہم بھی کسی سے اُتپت ہوا ہوگا۔ ایسا کہنا نہین بنتا کیونکہ ست برہم کی اُتپت ست سے ہی یا است ہی۔ یعنی ست یا است مین سے برہم کی اُتپتی ہی نہین اگر ست سے کہو تو برہم سے سوای یا برہم سے برتر کوئی ست نہین اور جو است سی کہو تو یہہ تمثیل تمام ہوگی کہ بندھیا کے پتر پیدا ہوا اور پھر بندھیا کے پتر سے ہی کسیکی اُتپت ہونا چاہئے جنانچہ وید اور ست شاستر ون مین برہم کی اُتپت کو کہنیوالی کوئی شرتی سمرتی نہین ہے۔

دسوان سوتر तेजोऽतस्तथा ह्याह ॥ १० ॥ सूत्र ارتہہ (توضیح) پہلے اس سے جو جو برہم سے آکاس تت نمبر ۱ اور آکاس سے نمبر ۲ بائو کی اُتپتی کہی اوس سلسلہ مین اس سوتر مین کہتے ہین کہ بائو کے بعد تیسرا تت تیج ۔ بائو نمبر ۲ سے اُتپت ہوا اوسکی بابت یہہ شرتی ہی ॥ वायोरग्निः ॥ یہہ شرتی بائو سے تیج کی اُتپت کہتا ہی اور جو چہاندوگ اُپنشد مین तत्तेजोऽसृजत ॥ श्रुति

پہشرتی ہی تو پرسپرا (یعنی سلسلہ توا تر سند جہ بالا سے) تیج کو برہمہ کا رج کہتی ہے ساکشات (یعنی خاص طور پر) نہیں کہتی۔

گیارھوان سوتر आपः ॥११॥ सूत्र پہلے سوتر سے तेजोऽतस्तथा ह्याह ان پدون کی انوبرت (مسلسل شمار) کرنی آپ کہیئے (جل) ہے سو تیج سے اُتپت ہوا اسمین یہہ شرتی پرمان ہے (अग्नेरापः ॥ اسکے ہی ارتھ مین کہ اگنی سے جل اُتپت ہوا ۔ ॥अग्नेरापः॥

بارھوان سوتر पृथिव्यधिकाररूपशब्दान्तरेभ्यः ॥१२॥ सूत्र پرتھی کی بابت شرتی باک یہہ ہے ता आप ऐक्षन्त बह्व्यः स्याम ॥ श्रुति ارتھ یہہ کہ آپ جو جل ۔ سو ان کہنے (پرتھوی) کو رچا ہیا ۔ فقط ۔ اسمین یہہ سنشی ہے کہ ان شبد سے برہیہ جو آوک व्रीहियवादिक (یعنی جو وغیرہ غلہ) سی مراد ہے یا پرتھی کا گرہن ہے ۔ یعنی ان شبد کے ارتھ غلہ ہے یا پرتھی اسکے اُدّاھرن مین کہتے ہین کہ ان شبدسے پرتھوی کا گرہن ہی کیونکہ (तत्तेजोऽसृजत ॥ श्रुति) یہہ مہا بھوتون کا ادھکار ہے ۔ برہیہ جو آدکون کا نہین اور دوسری شرتی یہہ ہے यत्कृष्णं तदन्नस्य ॥ श्रुति ارتھ یہہ کہ جو کرشن روپ (سیاہ روپ) ہے سو ان کا ہے اسلیئے اسموقع پر (یکے بعد دیگرے پانچون مہا بھوت کی اُتپت کہے ہین) اسلیئے ان شبد سے ۔ مہا بھوت پرتھوی ۔ پانچوین تت کا گرہن ہے اسکے سوا اور بھی شرتی یہہ ہے अद्भ्यः पृथिवी ॥ श्रुति جسکے معنی یہہ کہ جل سے پرتھوی ہوتی ہے ۔ بس اس شبد انرسے بھی پرتھی کا گرہن ہے ۔

تمہید

واضح ہو کہ شروع اس دوسرے ادھیاے کے تیسرے پاد سوتر نمبر ا سے سوتر نمبر ۱۲ تک تو پانچون مہا بھوت ۔ آکاس ۔ بائو ۔ تیج ۔ جل ۔ پرتھوی ۔ پنچ تت کے یکے بعد دیگرے ایک دوسرے سے اتپت کہی اب اون پانچون تت (اُپادان ۔ مادہ ۔ روپ) سے سرشٹی پرکار کہتا ہے ۔ اس کے لیئے تمہید آپہلے ایک امر تنقیح طلب کہتے ہین یہہ کہ معلوم ہونا چاہیئے کہ آکاس وغیرہ وہ پنچ مہا بھوت اپنے آپ ہی سوتنتر (بذاتہٖ خود اختیاری) سے اپنے کارج جگت کو رچتے ہین کیونکہ یہہ اُپادان (مادہ) یعنی جگت کا کارن ہین یا یہہ سب نام آکاس وغیرہ برہم کا نام کہنے ہین آلتے اور واقعی پرمیشر ہے

جو آگاس وغیرہ کے نام روپ سے استھت ہو کر جس جس کارج کا چنتون کرتا اوسی اوسی کارج کو رچتا ہے۔

تیرھوان سوتر सूत्र
तदभिध्यानादेव तु तल्लिङ्गात्सः १३ ہے۔ تیرھوان سوتر کیلئے امر تنقیح طلب ہے

کہتے ہین کہ سو پرمیشر ہی۔ اون اون آکاس آدک روپ سے (یعنی آکاس وغیرہ خاص ہی بدار برہما تے سے جدا (علحدہ) نہین بلکہ یہہ پنج مہابہوت۔ خاص برہم کا روپ اور برہمہ کے نام سے شرتی پرکاش کرن ہین ہین) پس ان اکاس وغیرہ روپ سے استھت ہو کر جس جس کارج کا چنتون کرتا تس تس کارج کو (حسب دلخواہ خود) رچتا ہے اسمین شرتی باک پرمان یہہ ہی॥ यः पृथिव्यां तिष्ठन्॥

स्मृति اسکا ارتھہ یہہ کہ پرمیشر۔ پرتھی مین استھت ہو کر۔ پرتھوی کو پریرتا ہے اور سو کارج روپ پرتھوی اپنے کارن روپ پرمیشر کو نہین جانتی ہے۔

چودھوان سوتر सूत्र
विपर्ययेण तु क्रमोऽत उपपद्यते च॥१४॥ برہمہ سے پنج مہابہوتون کی اور پنج مہابہوتون سے اوسکے کارج (جگت) کی اتپتی क्रम (کرم) سے یعنی یکے بعد دیگرے سلسلہ وار کہی اب اس سے تر سے پرلے کرم (طریقہ قیامت) کہتے ہین۔ سوال جیسے اتپت کرم ہے تیسے ہی پرلے کرم ہے یا اوسکی بپریت (تضاد طریق سے ہی) جواب اتپت کرم سے پرلے کرم بپریت (بطریق دیگر) ہے کیونکہ جیسے ہر کوئی پرش (بذریعہ سیڈہی وغیرہ) کے مکان کے اوپر چڑھتا ہے) مثلاً کسی مکان کے اوپر چڑہنے کو ۲۰ سیڈہی بنی ہین) تو پہلے سیڈہی پر سے پانو رکھتا ہوا اخیر بیسوین سیڈہی پر پہونچکر مکان کی چہت پر چڑھتا ہے) اوترتے وقت اوسکے بپریت کرم سے مکان کی چہت کے اوپر سے نیچے کو اوترتا ہے (جہان سے چڑہا تہا اور اسلئے وہ پہلے بیسوین سیڈھی پر پانو اور کرم سے پہلی سیڈہی تک پانو رکھتا ہوا اخیر مکان کے صحن مین اوتر آتا ہے۔ یہہ درشٹانت کہا۔ اب دارشٹانت کہتے ہین کہ اوسی درشٹانت کے مطابق۔ اتپت کرم سے پرلے کرم بپریت ہے۔ چنانچہ اس ارتھہ کو سمرتی کہتے ہی—

जगत प्रतिष्ठा देवर्षे पृथिव्यप्सु प्रलीयते ज्योतिष्यापः प्रलीयन्ते ज्योतिर्वायौ प्रलीयते वायुश्चाकाशे प्रलीयते॥ स्मृति

اس سمرتی کا ارتھہ یہہ کہ الشر کہتے ہین کہ اے نارد جگت کی

دہارن کرنیوالی پرتہوی - جل مین لین ہوتی ہے پہر جل تیج مین - تیج بائو مین - بائو آکاس مین آکاس ابیکت برہم مین لین لین ہوتا ہے -

پندرہوان سوتر

अन्तरा विज्ञानमनसी क्रमेण तल्लिङ्गादिति चेन्नाविशेषात् ॥१५॥ सूत्र

(تمہید) علاوہ چار وید منتر بہاگ اور چار وید برہمن بہاگ کے جو چار اُپ وید ہین تن وید ون مین سے خاص اتہرب وید منتر بہاگ مین (جہان سرشٹی پرکار کا پرسنگ ہی ایک یہہ منتر ہے

एतस्माज्जायते प्राणो मनः सर्वेन्द्रियाणि च ॥

اور اوسکا ارتھہ یہہ کرتے کہ اس منتر مین لنگ سے آتما کے اور بہوتون کے مدہ مین سب اندریہہ بدہہ اور من کی اُتپت ہی سو لتس مین بدہ کے اُتپت کرم سے (جو پہلی بہوت

क्रम

آدہ کے پیدا ہونیکا کرم کہا) اوس کرم کا بہنگ ہوگا یعنی دو کرمون مین اختلاف ہی یہانتک اس پندرہوین سوتر کے پہلی پاد کا ارتھہ ہوا اب دوسرے پاد مین کہتے ہین

इति चेन्न

ارتھہ یہہ ایسا ست کہو چنانچہ تیسرے پاد مین سماد ہان کہتے ہین کہ من - بدہ - اور اندریہہ - سب بہوتون کا کاریج ہین اور بہوتون کی اُتپت پرہی بہوتون سے انکی اُتپت اور بہوتون کے پرلے ہونے پر اون سب من بدہ اندریہہ کے پرلے ہوتی ہی زیادہ کچہہ بشیشتا نہین - اور اس منتر کا اکشرارتھہ یہہ ہے کہ (آتما سے پران سب اندریہہ وغیرہ سب ہی اُتپت ہوتے ہین -

سولہوان سوتر

चराचरव्यपाश्रयस्तु स्यात्तद्व्यपदेशो भाक्तस्तद्भावभावित्वात् ॥१६॥ सूत्र

(کسی کسی پُرش کو یہہ بہرانت ہی کہ جیو - جنمتا - اور مرتا ہی ہے - تسکو دُور کرتے ہین - سوتر کے پہلی پد کا ارتھہ کہ جنم - مرن - شبد کا کہتن - چراچر - شریرکے لئی مکہہ - اور جیو کے جنم - مرن شبد کا کہتن کون ہے یعنی شریر کے

प्रादुर्भाव (پیدا ہونا) اور तिरोभाव (ناپید ہونا) ان دونو پرادہیہ کا نام جنم مرن ہے - بدون شریر کے جیو کا نہ جنم ہے نہ مرن ہے کیونکہ جیو شریر کے آشرت

भाक्त

ہے - یہہ باقی سوتر کا ارتھہ ہوا - (شرح زائد از خاکسار بہوانی پرشاد مترجم)

اصلیت مین جیو کوئی پدارتھہ نہین نہ جیو کا کوئی جسم یا شکل صورت ہی بلکہ چیتن برہمہ کے جلوہ کا نام جیو ہے سو جب برہمہ کے اندر جو یہہ چودہ روپ پرگٹ ہوتا جیسے جہاں آکاش کے اندر کوئی

آبادی مکان وغیرہ کی بنکر ظاہر ہوا اور پھر بھی جہانتک اوس آبادی والے بستومین اکاش (خلا) ہے یہانتک اوس اندرونے خلا کا نام بجاے مہاا کاس کے گھٹ اکاس - مٹھہ اکاس - پٹ اکاس وغیرہ نام کہا جاتا اور جب وہ آبادی نرہے تب ہی وہ اصلی وابتدائی تمام تر اکاس جون کا تیون مہاآکاس بجاتا اور کہاجاتا ہی اوراس حالت مین پہر وہ مہاا کاس کے درمیانی نام گہٹا کاس وغیرہ نہ کچھ رہتے نہ وہ نام پہر کہے جاتے ہین تیسے جب اوس پرپورن چیتن برہمہ کے اندر جو دیہہ پرگھٹ ہوتا گویا یہی برہمہ کے اندر آبادی آگئی مگر اس دیہہ کے اندر بھی اوسی ادہشٹان چیتن अधिष्ठानचैतन्य کا جلوہ موجود ہے پس اسقدر جلوہ کا جو (دیہہ دیہہ کے اندر موجود رہا) اوسی کا نام بجاے پرپورن چیتن برہمہ کے جیو کہا جاتا ہے اسطرح جیو کی اُتپت پرلے کچھ ہنین نہ جُدا کرکے جیو کوئی پدارتھہ ہے اور اسی پردیہہ کے آشرت جیو کہا جاتا - کیونکہ جب تک دیہہ تب تک بشرح صدر برہمہ کا ایک درمیانی نام جیو کہا جاتا اور جب وہ دیہہ نرہا تب ہی مہاا کاس کیطرح مہا برہمہ چیتن پرپورن ایک رس جون کا تیون رہجاتا ہی

سترھوان سوتر नात्माऽश्रुतेर्नित्यत्वाच्च ताभ्यः॥१७ سوتر پچھلے سوتر مین کہے ہوئے ارتھہ کو دڑہ کرتے ہین کہ جیسے بیوم व्योम (اکاس) وغیرہ پربرہمہ سے اُتپن ہوتے ہیں ویسے جیو اُتپن ہوتا ہے یا ہنین گویا یہہ امر تنقیح طلب بطور شنکا و تمہید کے قایم کیا اب اسکا اوتر (سمادہان) کہتے ہین کہ جیو اُتپت ہنین ہوتا کیونکہ وید مین جہان اُتپت پرکار کا پرسنگ ہے - تہان وید مین جیو کی اُتپت درج ہنین بلکہ وید باک یہہ ہے स वा एष महानज आत्माऽजरोऽमरोऽमृतोऽभयो ब्रह्म ॥ श्रुति اَرتہہ اس شرتی کا یہہ کہ یہہ جیو مہان ہے - اَج ہے - آتما ہے - اجر ہے - امر ہے - امرت ہے - ابہئے ہے - برہمہ ہے - فقط

پس اس شرتی باک سے جیو بصفات موصوف - نت سدہ ہی - فقط خاکسار بھوانی پرشاد کی شرح زائد اس شرتی باک سے اُلٹا یہہ سمجھنا چاہیئے کہ جیو کوئی خاص پدارتھہ برہمہ سے علیحدہ ہے بلکہ شرتی مین جتنے بشیشن (اوصاف) جیو کے کہے وہ سب اوصاف برگزیدہ - برہمہ کے ہین چنانچہ شرتی مین آخیر پر جیو کو برہمہ ہی صاف کہاہی کیونکہ جیسے مہاا کاس سے جدا گہٹ آکاس وغیرہ کوئی خاص چیز ہنین

تیسے چیتن برہم سے چیتن کا جلوہ (جسکا نام جیو کہا جاتا) وہ علیحدہ کوئی پدارتھ نہین -

یادداشت نمبر ۲ - خاکسار کی عقل ناقص ناتمام کے نزدیک - نیائے وغیرہ شاستر کے بادی ایسے ہی شرتی کے ثبوت سے جیو کو جو نت اُتپادی - مانتے یہانتک تو ٹہیک ہے لیکن جیو کے اصلی سروپ کو محض فرضی ہے جیسا علم - ریکہا گنت (اقلیدس) مین نقطہ اور خط - وقعی فرضی لیکن فرضی کو قایم کر کے اوسی سے شکلین ثابت کرتے) تیسا بادیون نے جیو کو مثل نقطہ و خط کے فرضی نہ سمجہہ بلکہ ایک اصلی پدارتھ نت اُتپادی سمجہکو برہم سے جُدا اور بکار دان - بندہ سو کشم الاکہتی بسقدر حصہ اونکی سمجہہ کا غلط ہی -

اٹھارہوان سوتر ज्ञोऽत एव ॥१८॥ सू० ३ شنکا - بشیشک کہتی ہین کہ جیو آتما (गु) واقعی اپنے روپ سے جڑ ہے - لیکن آتما اور من کے سنجوگ سے جیو مین چیتن گن اُتپن (نمایان) ہو جاتا اور سانکہہ بادی کہتی ہین کہ جیو نت چیتن سروپ ہے اس شنکا کو اس سوتر سے دُور (سماد ہان) کرتے ہین کہ واقعی (جیسا پہلے سوتر مین کہا) جیو آتما نت چیتن سروپ ہے اور اسیواسطے جیو کی اُتپت نہین اور بشیشک باد غلط ہے -

اونیسوان سوتر उत्क्रान्तिगत्यागतीनाम ॥१९॥ सू० ३ جیو کی بابت یہہ امر تنقیح طلب ہے کہ جیو کا انو پرمان ہے یا مدہم پرمان ہی یا مہت پرمان ہی - اسکے اوتر مین اس سوتر سے کہتے ہین کہ جیو کا انو پرمان ہے مدہم یا مہت پرمان نہین کیونکہ شاستر مین جیو کی اُت گرانت گت اگت (उत्क्रान्ति) سُنی جاتی ہے اسطرح کہ اس شریر کو تیاگنے کا نام اُت کرانت گت اگت ہی یعنی اس لوک سے چندر آدک لوک مین جانیکا کام گت (گیا ہوا) اور چندرما آدک لوک سے اس لوک مین آنے کا نام - اگت (آیا ہوا - یا لوٹا ہوا) ہے -

بیسوان سوتر स्वात्मना चोत्तरयोः ॥२०॥ सू० ३ پچھلے سوتر مین جو گتا گت (جانا آنا) جیو کا کہا اوسکی اصلیت معہ تمثیل کے اس سوتر مین کہتی ہین کہ جانا آنا کہنے ہی ماتر ہے واقعی نہین درشٹانت - تمثیل) جیسے کوئی شخص کسی گانو کا مالک (زمیندار) ہے سو باوجودیکہ اپنے شریر سے یہان وہ چلے تو بہی کبہی اوسکا سوامی پنا (مالک ہونا - ملکیت سروپ) جاتا رہے یعنی وہ زمیندار یا مالک

نہ رہے زمینداری ملکیت زایل ہو جاوے تب اوس ملکیت کا چلا جانا کہا جاتا ہی تیسے ہی جیو - اس شریر سے نہ چلے تو بہی جب یہہ شریر نشٹ ہو گیا جسکا وہ جیو سوامی ہے اسحالت مین جیو کے اوس سوامی پنے کی نروت روپ - اُتکرانت گتاگت (جانا آنا) کہنا بن سکتا ہی - یہانتک سوتر نمبر ۱۹ و ۲۰ سے شنکا کہی اب ان سب کا اُتر (جواب) کہتے ہین کہ جسکا نام گت اگت اُتکرانت ہی سو بدون سنجوگ اپنے آتم سروپ کے نہین ہوتا - اور سنجوگ کے بدون چلنا ہی نہین ہوتا اور چلنے بدون گتاگت نہین ہو سکتی (شرح زائد از خاکسار بہوانی پرشاد مترجم) کہ تمثیلی گتاگت - ملکیت و قبضہ جیسے مالک کی گتاگت نہین ویسے جیو کی گتاگت شریر کی گتاگت سے ماننا غلط ہے - اصلیت وہی ہی جو شرح زائد مندرجہ سوتر نمبر ۱۶ سے ظاہر کہ شریر کے آبادی - برہم مین آجانے سے شریر کے اندر چیتن کا نام جیو اور اوس آبادی کے اندر رہنا جیو نامی برہم کا آنا اور شریر تیاگ یعنی آبادی کے نشٹ ہو جانے پر جیو موصوف کا چلا جانا کہنے ماتر ہے اصلیت مین جیو کوئی پدارتھ اور اوسکا آنا جانا کچھ نہین ہے -

اور واضح ہو کہ کوئی روپ جسقدر ہو تب وسیقدر روپ کا علیحدہ نام کہہ لیا جاتا ہی جیسے مٹی نمت کارن سے گھڑا - سکورہ - اینٹ وغیرہ بنتے ہین مگر ہر ایک اون پدارتھ کا جو جداگانہ روپ اوسیقدر روپ کے نام گھڑا وغیرہ یعنی ایک مٹی کے انیک نام کہے جاتے تیسے وید کی شرتی مین جیو کا روپ جیسا یہہ اور اسیقدر ہے -

चैतन्यं यद्धिष्ठानं लिङ्गदेहश्च यः पुनः ॥ चिच्छाया लिङ्गदेहस्था तत्सङ्घो जीव उच्यते ॥१॥ श्रुति

ارتھ نمبر ۱ ادھشٹان چیتن (جسکے اندر آکاس بہت سب شریر آبادہ روپ آ گئے ہین - اور نمبر ۲ دیہون کے اندر - جو لنگ سوکشم شریر دکہ کرم اندریہ گیان اندریہ پران - انتہکرن وغیرہ یعنی مجموعی ان پدارتھون کا نام - لنگ شریر یا سوکشم شریر ہی) اور نمبر ۳ مین جو اوسی چیتن نمبر ا کا - پرتی بمب (چہایا - سایہ) ارتہات ان مجموعی تین پدارتھ نمبر ا - نمبر ۲ نمبر ۳ ادھشٹان چیتن - لنگ شریر - چیتن کی چہایا - کا نام جیو ہی بس اچھی طرح غور سے بلا تعصب اصلیت کو سمجھو کہ جیو کوئی خاص پدارتھ نہین اوسکی گتاگت ہو بلکہ برہم ہی کا ایک نام جیو بھی ہے چنانچہ شرتی مندرجہ نمبر ۱ مین جیو نامی برہم کے تینون بہت صاف اور سچے مندرج ہین اسلیئے سب دلایل عقلی بمقابلہ اصلیت نقلی کے فضول ہین -

اکیسوان سوتر नाणुरतच्छ्रुतेरिति चेन्नेतराधिकारात ॥२१॥ सूत्र

پچھلے سوتر ۱۹ مین جو سدھانت پاک سی جیو کا - انو پرمان کہا او سمین اس سوتر کے پہلے پد سے ترک بیان کرتے ہین یعنی بادی اور شرتی کا پرمان دیتا ہی کہ महानज आत्मा ॥ श्रुति اور بادی کہتا کہ یہہ شرتی پاک آتما کا انو پرمان کی خلاف بہت نامی پرمان کہتی ہی اسکے اوتر مین سوتر کا دوسرا پاد ہی اورتھہ - (ایسا مت کہو) تیسرے پاد مین سمادہان کہتی ہین کہ اس شرتی پاک مین پرماتما کو بہت پرمان والا کہا ہی جیو آتما کے دہکار کے بابت یہہ شرتی نہین اسلیئے اس شرتی سی جیو کو پرمان وِبُھو نہ کہو (شرح نائید از خاکسار بہوانی پرشاد) افسوس بادی لوگ پرسنگا وراتھہ کو تبدیل کردیتے ہین اور اونکی پیروان کو ہزار آفرین ہی کہ اون کے آچارج نے یا اونہون نے اُرتھہ کیا اوسیکو عقل جانب اور دیگر ست شاسترون سی غلطی کو تمیز نہین کرتے بلکہ تعصبا بپیروی اپنی کلام کے اگر کوئی سمجہاوے تو بہی نہین سمجہتے

بائیسوان سوتر स्वशब्दोन्मानाभ्यां च ॥२२॥ सूत्र

اب اس سوتر مین ثبوت انو پرمان ہونی جیو کے اصلی اور خاص شرتی کہتے ہین جسمین جیو کے انو پرمان کو شرتی شاکشات کہتی ہی یہہ - एषोऽणुरात्मा चेतसा वेदितव्यो यस्मिन प्राणः पंचधा संविवेश ॥ मिति श्रुति ॥१॥

ارتہہ اس شرتی کا یہہ کہ یہہ آتما - انو ہی اور چیت کر کے جاننے جوگ ہے اور جسمین پران پانچ پرکار (پران - سمان - اودان - ویان) کر کے پرویش ہوتا بہیا) اسکے سوائے شاستر مین یہہ بہی کہا ہی کہ کیس اگر بہاگ (یعنی بال کی نوک کی) سو بہاگ سو حصہ کر اور پہر تس سو مین حصہ والے ایک حصہ کے سو بہاگ یعنی ایک بال کی نوک کا دس ہزاروان حصہ ہی) تس پرمان والا جیو ہی اسطرح یہہ مقدار ہی صرف کہنے ماتر قایم ہوئی ورنہ یہ مقدار انو مان والے درجہ کی ہی کہ جسکی تعداد کچہہ نہین کہہ سکتے اسطرح اس انو مان سے بہی جیو کا انو - نام والا پرمان سدہ ہے فقط -

تمہید بادی کہتا ہی کہ اگر جیو - انو پرمان والا ہی تو سب شریرون مین شیت آدک (یعنی سردی گرمی بادی) کا گیان ہونا چاہیئے اسکے اوتر مین اگلا سوتر ہے -

تیئیسوان سوتر अविरोधश्चन्दनवत ॥२३॥ सूत्र

بادی کی شنکا کا اوتر

جیسے ہری چندن (صندل سرخ خوشبودار) کا ایک بند (ٹکا جو ستک کو لگایا جاتا) یعنی وہ بند شریر کے صرف ایک دیس (مقام) پر لگتا مگر تمام شریر مین پیاپی ہوکے تمام شریر مین آنند کو کرتا ہی - تیسے جیواتما ہی اتک یعنی تیچا) کے ساتھ سنجوگ پاکر (یعنی شریر کے ایک دیس مین استہت ہوکر ہی سب شریر بیاپی شیت آدی (سردی گرمی وغیرہ) گیان کو کر سکتا ہی -

چوبیسوان سوتر

अवस्थिति वैशेष्यादिति चेन्नाभ्युपगमाद्धृदि हि ॥२४॥ सूत्र

پچھلے تیئیسوین سوتر والے درشٹانت مین بادی کی شنکا اس چوبیسوین سوتر کے پہلے پاد مین کہتی ہین (بادی کی شنکا) شریر کے ایک دیس مین چندن کی استہتی اور اوس سے تمام شریر مین آنند ہوتا یہہ تو بات پرتیکش (ظاہر) ہین مگر وار شٹانت والے آتم کرت سب شریر بیاپی گیان یعنی ایک ہی بات پرتیکش ہے دوسری بات یعنی شریر کے ایک دیس مین ہی آتما کی ستھتی تمام شریر کے عضو عضو مین پائی جاتی ہی اسلیئے یہہ تمثیل ناقص ہے فقط اسکے اوتر مین اس سوتر کا دوسرا پد ہے इति चेन्न ... سے بادی الیسا نہ کہو - اسکی شرح سداہان تیسرے پد مین کہتی ہین کہ اسمین تو یہہ شرتی بربان ہے ارتھ (آتما ہردے مین ہے) پس اس شرتی باکی کے ثبوت سے हृदि ह्येष आत्मा ॥ श्रुति آتما کی تمام شریر مین سے صرف ایک ہی موقع ہردے (انتہ کرن قلب) مین استہتی ہونا نسبت صحیح ہی پچھلے سمادہان کی تائید مین

پچیسوان سوتر

गुणाद्वालोकवत् ॥२५॥ सूत्र

دوسرا درشٹانت کہتی ہین کہ جیسے لوک مین کوئی منی मणि (جواہرات از قسم لال وغیرہ معروف شب چراغ) جو اکثر راجہ مہاراجون کے یہان چراغ نہین جلایا جاتا دہی مین رکہہ دیا جاتا یا جیسے عام رعایا کے مکانو نمین چراغ (دیپک) جلایا جاتا - غرض منی ہو یا دیپک تمام مکان کے صرف ایک ہی دیش (جگہہ طاق وغیرہ) مین رکہا جاتا اور اوس سے اوس تمام مکان مین روشنی رہتی تیسے - آتما - انو ماتر ہے مگر اوس آتما کا چینیہ گن سب شریر مین بیاپی ہے -

تمہید بادی کی اور شنکا ہی کہ جیسے کوئی پٹ (بستر - کپڑا) شکل (سفید رنگ) کا ہی یعنی پٹ کا اصلی شکل گن ہی مگر وہ شکل گن پٹ کے بدون (یعنی جہان پٹ نہین) وہان وہ شکل گن

نہین رہتا بلکہ پٹ کا شکل گن ادسی جگہ ظاہر ہوتا جہان وہ پٹ موجود ہو - تیسے جیو کا چیتن گن بھی (جیسا سوتر نمبر ۲۰ مین کہا) بدون جیو کے سب شریر مین نہین ہیگا اسکا اوتر یہہ ہی -

چھبیسوان سوتر व्यतिरेको गन्धवत ॥ २६ ॥ सूत्र سے بادی جیسی گندہ (خوشبو) گن ہے سوا بھی اشرے پشپ - (پھول مین) برت کر اور جگہ بھی (دور دور تک) برتتا ہے تیسی چیتن گن بھی اپنے اشرے جیو مین برت کر سب شریر مین برتتا ہے -

ستائیسوان سوتر तथा च दर्शयति ॥ २७ ॥ सूत्र پچھلے چھبیسوین سوتر مین کہے ہوئے سماد ہان وید باک شرتی کا پرمان کہتے ہین आलोमभ्य आनखाग्रेभ्यः ॥ श्रुति ارتھ یہہ کہ سب لوم اور سب نکھہ پرینت (یعنی سر کے چوٹی سے لیکر پانو کے ناخن کے اگلی حصہ تک سراپا) سب شریر مین جیو کا چیتن گن برتتا ہے -

اٹھائیسوان سوتر पृथगुपदेशात ॥ २८ ॥ सूत्र پچھلی شرتی کی مزید دوسری شرتی پرمان ہی کہ प्रज्ञया शरीरं समारुह्य ॥ श्रुति اس شرتی سی آتما اور پرگیا (جیو کا) کرتی کر کرم بھاو ॥ کر کے پرتھک اپدیش ہونیسے چیتن گن کر کے جیو - سب شریر بیاپی ہے -

تمہید اس پرسنگ مین جو کچھہ سدھانت کا مت کہا کہ جیو کا انو پرمان ہی اور سدھانتی جو یہہ بھی کہتے کہ پربرہم विभु اور پربرہم کا ہی نام جیو ہے اسلیئے جیو بھی विभु بیاپک ہے تسپر بادی شنکا کرتا کہ اگر جیو (ببھو) ہے تو شاستر مین انو کیون کہا - کیونکہ انو ایک بہت چھوٹے سی زیادہ چھوٹی مقدار کو اور ببھو بہت بڑے سے زیادہ بڑی مقدار ہے اسلیئے بہت چھوٹی مقدار والا بہت بڑی مقدار والا نہین ہوسکتا - اس شنکا کے اوتر مین کہتے ہین -

انتیسوان سوتر तद्गुणसारत्वात्तु तद्व्यपदेशः प्राज्ञवत ॥ २९ ॥ सूत्र اس سوتر مین तु شبد اوس ایکدیشی پکش کی نورت کیلئے ہے اور پکش کی نورتی اسطرح کہی کہ جیسے پراگ پرماتما ببھو ہی لیکن شگن اپاسنا مین اپادہی کو لیکر ब्रीहियव (بریہ جو) ادکون سی بھی انو کہا ہی تسے بدہ کا گن جو (اچھا - خواہش) اور دیش (نفرت) द्वेष اور سکھہ دکھہ وغیرہ تنکو

سنسار دسا مین جیو اپنے مین سار مانتا ہی (یعنی بدھ کے گن۔ سکھ دکھ وغیرہ کو جیو اپنے مین ہونا مانتا) پس اس اپادہ کو لیکر بدھ کے انو پرمان کا جیو مین کہتے ہیں یعنی واقعی جیو کسی انو وغیرہ پرمان والا نہین بلکہ انو پرمان والی بدھی کی گن سکھ دکھ وغیرہ کو جو جیو اپنی نسبت۔ بنسبت دعاید کر لیتا اسو جہ سی جیو بہی پرمان والا کہدیا جاتا ہے۔

تیسوین سوتر

यावदात्मभावित्वाच्चनदोषस्तद्दर्शनात ॥३०॥ सू

(تمہید) اگر بدھ کے سنجوگ سی آتما سنساری ہی (جیسا سوتر نمبر ۲۹ مین کہا) اسمین جو بادی کی یہہ شنکا ہی کہ بدھ کی سنجوگ سی تو آتما سنساری ہوا اور جب بدھ کا بیوک वियोग ہوگا تب آتما سنساری ونہ رہیگا اس شنکا کو اس سوتر نمبر ۳۰ سے دور کرتے ہین کہ آتما کا سنساری۔ اسنساری ہونیکا آتما مین دوش نہین ہے کیونکہ جبتک اس جیو کو सम्यक ज्ञान ॥ سمیک گیان ہنو تب تک بدھ کا سنجوگ رہنے سے یہہ جیو سنساری ہی رہیگا اسی لیئے شاستر بہی विज्ञानमय بگیان مئی شبد سے اس جیو کو بیان کرتا ہی۔ شرح زائد از خاکسار بہوانی پرشاد مترجم) اصلیت مین پرماتما۔ کہ اوسیکا نام آتما اور اوسیکا نام جیو (حسب موقع پرسنگ کے ہی) سنساری نہین نہ جیو کوئی خاص پدارتھ آتما سی جدا کسی رنگ روپ مقدار والا ہی بلکہ بند وریکھا (نقطہ وخط) جیسے کسی مقدار معینہ کے نہین مگر فرضی قائم کرنے سی اونسے سب شکلین نکلی اور ثابت ہوتی۔ تیسے جیو کا وجود فرض کیا قائم ہوا اور بدھ و فرضی جیو کا سنساری کہا گیا تو گویا یہہ ہو ستہا ابتدائی فرضی قائم کرنے جو ماتر کے ہوئی چنانچہ پہلے پنج درجہ کے نیا، و پورب میانسا ویشیشک کا بیان بہید والا اسی حد کے اندر ہے۔ آگے جب یہہ بہی مانا گیا کہ مطابق جوگ شاستر کے جب جیو نے۔ جوگ اپاسنا کی تو اوسکا انتہکرن شدہ ہوکر اوسنے اپنے سروپ کا انوسندہان کیا تو آتم روپ معلوم ہوا اسیکا نام بہید ابہید ہے۔ آخر اخیر درجہ پر جب یہہ ثابت ہوا کہ جیو آتما پرماتما۔ کوئی جداگانہ پدارتھ نہین (جیسا گیان کا نمونہ) اور اوسکے بموجب کچہہ سانکہہ اور پورا ویدانت نے ابہید روپ سدہانت کہا تب سب ترک شنکا سادہان۔ سمجہ بچار۔ کرم اپاسنا اور گیان کے پرسنگ ساہت ہوئے اسطرح تو جیو شاستر مین

کوئی بر ودہ نہین اور تراوتر کہنے والے ہنوبیی باہم مطابق ہین اور اسلیئے ابتدائی چہہو شاستر کے آچارج
مین کچھ دوش نہین البتہ بعد مین جو کسی پرش نے چہہو شاستر توڑ کر چہہو کا سموسے کیا نہین ایک یا دو
ہی شاستر پڑھکر اونہیکا ستہہ گیان (یعنی علم بے عمل) حاصل کیا اور جب دوسری شاستر کی کوئی
بات پیش ہوی تو خواہ مخواہ محض بے عملی سے بطور جلپ یا ٹنڈا کے شنکا۔ اعتراض پر آردہ
ہوجاتے ہین اور بقولہ ہمچو ما دیگرے نیست (صرف اپنے ایک شاستر کو ہی سدا نت سمجھ لیتے ہین

اکتیسوان سوتر

पुंस्त्वादिवत्त्वस्य सतोऽभिव्यक्तियोगात् ॥३१॥

پہلے سوتر مین کہی ہوئی بدہ سنجوگ کی کیفیت جیسی جاگرت سنکپتی اور پرلے اوستھا مین واقعی جسطرح
رہتی اوسکو اس سوتر سے کہتے ہین تمثیل و درشٹانت (جیسے لوک مین पुंस्त्वादि धर्म
مردمیت وغیرہ) بدمان (ظاہر) ہی ہین لیکن وہ دہرم ہر ایک کے بال اوستھا مین ابدمان (نادانستگی سے)
جیسے کیطرح رہتے اور جوبن (جوانی) اوستھا مین پرگہٹ (ظاہر) ہوتے تیسے سکپتی اور پرلے مین بھی
بدہ سنجوگ وغیرہ سب بینیری ہی بھیتر گپت ہین مگر بالک اُبدمان (بے علم) کیطرح رہتے اور
جاگرت اوستھا مین پرگہٹ ہوتے ہین (شرح زائد از خاکسار بہوانی پرشاد مترجم)
ہر ایک دیہہ دھاری کو جبتک دہیان ہی سمیک گیان نہین اوس حالت مین اگر وہ کوئی یہ خیال کرے
کہ جسطرح سکپتی اوستھا مین بدہ کا سنجوگ پرتیت نہین ہوتا تیسا پرلے مین وہ بدہ سنجوگ بالکل
کالعدم ہوجاویگا۔ ایسا نہ سمجھنا بلکہ یاد رہنا چاہیئے کہ اس دیہہ مین جو بدہ سنجوگ سے بلنا وغیرہ پیدا
ہوئین اوسکا انکر بیج۔ روپ پرلے کے وقت بھی کالعدم نہین ہوتا سوکشم روپ بنا رہتا ہے
اور اوسی بیج روپ سنجوگ ہی دوسرے مرتبہ مابعد کی سرشٹی مین پہر سبز۔ پہل۔ پھول والا ہوتا ہے
اسلیئے سُکھ دُکھ وغیرہ سنجوگ جو بدہی کے ہین اونکو جیو۔ آتما۔ پر عائد یا متعلق ہو گز نہ سمجھنا
چاہیئے جبکا یہہ نتیجہ ہے اور جیو آتما کو اکرتا ابہوکتا نرلیپ۔ یقینی یقین کرتا ہی اوسکی
جیون مکتی اور دیہہ تیاگ پر۔ بدیہہ مکتی کا ہیتو ہے۔

بتیسوان سوتر

नित्योपलब्ध्यनुपलब्धिप्रसङ्गोऽन्यतरनियमो वा ॥३२॥ सूत्र

اس سوتر سے اور بہی اصلیت ظاہر کرتے ہیہ دیکہیے اندر جو چار اپادھی والا انتہ کرن (قلب) یعنی ا۔ سنکلپ بکلپ کرنیوالا من - ۲ - نسچے کرنیوالی بدھی - ۳ - اگلی پچھلی باتونکو یاد - چنتون کرنیوالا چت ۴ - ابہمان کرنیوالا اہنکار - سوانتہ کرن - آتما کی اپادہی ہی اگر انتہ کرن کو نہ مانو تو ا - آتما ساتھ ۲ - اندریون کے بشیہ اور دہرم کا جو نت سمندہ ہی سو نت سمندہ ہونیسی ہٹ ہی گیان ہونا چاہیے یا نت ہنونا چاہیئے خواہ آتما اور اندریون کی سکت (قدرت - طاقت) رکنے سے ایسا ماننا چاہیے کہ کبہی گیان ہوتا ہی جب سکت رکی نہین ہوتی اور کبہی گیان نہین ہوتا جب سکت رکی ہوگی اور جبکو سم بدہان ہی گیان ہوتا اور سم بدہان سے گیان نہین ہوتا اس صفت والا من (دل) چنانچہ من کی در سا کو یہی شرتی بہی کہتی ہے مनसा ह्येव पश्यति मनसा शृणोति॥ श्रुति
ارتہہ شرتی کا یہہ من کرکے ہی دیکہتا اور من کرکے ہی سنتا ہے -

تنیتسوان سوتر

कर्त्ता शास्त्रार्थवत्वात्॥३३॥ सू॰ اب جیو کے کرتاپن کو جیسا ہی کہتے ہیں کہ بدہ کے سمندہ سے جیو کرتا ہی (خاص الخاص بذاتہ اکرتا - کرتا نہین) اور اگر اسطرح سے جیو کو کرتا نہ مانینگے تو شرتی نے جو کہا ہی کہ यजेत जुहुयात दद्यात्॥ श्रुति اسکا ارتہہ یہہ کہ یجن کرنا ہوم کرنا - دان کرنا - سو شاستر نے جو بدہی (طریقہ) کہی وہ انرتہہ (بیفائدہ - بے معنی) ہو گی کیونکہ یجن کرنا - ہوم کرنا - دان کرنا - یہ سب کریا جڑہ روپ چیتن کرتا کے بدون ہو نہین سکتی ہین

چونتیسوان سوتر

विहारोपदेशात्॥३४॥ सूत्र جو چیتن درجہ کا کرتا ہی اسکو اور بہی شرتی سے اس سوتر مین کہتی ہین स ईयते अमृतो यत्र कामम्॥ मिति श्रुति جس ارتہہ یہہ کہ سوامرت روپ آتما سوپرستہان स्वप्नस्थान مین اپنی اچہا پوروک گمن کرتا ہی فقط اسطرح بہار کا اپدیش کرنیوالی یہہ شرتی بہی جیو کو اسقدر کرتا کہتی ہے -

پینتیسوان سوتر

उपादानात्॥३५॥ सूत्र॥ اور یہہ مین کہا ہی کہ جیو آتما پران اور اندریہ آدکون کا اپادان کرتا ہے -

چہتیسوان سوتر ۳۶ سوتر

अपदेशाच्च क्रियायां न चेन्निर्देशविपर्ययः॥३६

بادی کیطرف سی ایک شرتی باک کہکر اس سوتر سی شنکا قایم کرکے اگلی سوتر مین شنکا کا سمادہان کہتی ہین چنانچہ شنکا والی شرتی یہہ ہے विज्ञानं यज्ञं तनुते ॥ श्रुति ارتھہ یہہ کہ جیو آتما جگ کا بستار کرتا ہے فقط اس شرتی کے حوالہ سی بادی کہتا ہی کہ اسطرح شاستر - لوکک و ویدک کریا مین جیو آتما کو کرتا کہا ہی کیونکہ اس شرتی مین بگیان شبد سے جیو آتما کا نردیش निर्देश (مطلب) ہی اور اگر آتما سے مراد ہوتی تو ایسے کرن مین ترتیا तृतीया ہوکر پرتہما प्रथमा سے ببریت نردیش ہونا چاہیے विज्ञानेन اسلیئے بگیان یعنی جیو آتما ہو جگ کا بستار کرتا ہی - جیو آتما کرتا پایا جاتا ہی یہانتک شنکا کہی اوتر اگے کہتے ہین

سینتیسوان سوتر

उपलब्धिवदनियमः ॥३७॥ सूत्र اوتر) جیسے جیو اپنے گیان مین سوتنتر (خود اختیار) ہی بگیانیم अनियम سے یعنی بلالحاظ اشٹ - انشٹ (دلخواہ عدم دلخواہ بہتر یا ناقص) کو پراپت ہوتا ہی ویسے وہ جیو باوجود سوتنتر ہونیکے دیش - کال آدنمت کو لیکر اپنے ہت اہت کارجون کو کرتا ہے -

اٹھتیسوان سوتر

शक्तिविपर्ययात् ॥३८॥ सूत्र پچھلے جیتیسوین سوتر والے بگیان شبد کی تصریح کہتے کہ گیان شبد باچیہ بدہ کرن (آلہ) ہی اور بدہ سے بہن (علیحدہ) جو جیو سو کرتا (فاعل) ہے پس اگر بدہ کو کرتا کہین تو بدہ مین جو کرن سکتی سو کرن شکتی ببریت विपरीत (خلاف - الٹی) ہووے اور کرتا مین اہم شبد کا پریوگ ہوتا جیسے अहं गच्छामि سو اہم شبد کا پریوگ بدہی مین اسوجہ سی نہین ہوسکتا کہ بدہی جڑہ ہے اسلیئے کرن ہی کرتا نہین -

انتالیسوان سوتر

समाध्यभावाच्च ॥३९॥ सूत्र جیو کو کرتا ہونیمین اور بہی شرتی کا ثبوت کہتے ہین ओमित्येवं ध्यायथ आत्मानम् श्रुति ارتھ اوم - اسپر کار آتما کا دہیان کرنا فقط اور ویدانت مین یہہ سمادہی کہا ہی سو یہہ امر بدہ ون کرتا چیتن روپ کے ہو نہین سکتا اسیوجہ سے چیتن روپ جیو کرتا ہے اور جڑ روپ بدہی کرتا نہین - بدہی کرن ہے -

چالیسوان سوتر

यथा च तक्षोभयथा ॥४०॥ सूत्र پچھلے سوترون مین جو جیو کو کرتا کہا تہین یہہ امر تصریح طلب ہے کہ جو اپنے سوبہاؤ سے کرتا ہی یا کسی نمت (حیلہ - وجہہ) سی کرتا ہے

اسکی اصلیت اس سوتر مین کہتے ہین کہ جیسے لوگ مین کاسنٹ چہیدن کرنیوالا तक्षा ہی یعنی بڑھئی
درودگر) ہوتا سو جتنی دیر (وسولا वास्यादिकरः وغیرہ) کرن کو اپنی ہاتہہ مین رکہتا
کرتا اوتنی ہی دیر وہ کرتا روپ (سوراخ کرنیوالا یا کاٹہہ کا چھیلنے والا ہے اور دکھی بھی ہی کہ (اوسکو
محنت کرنا پڑتی) لیکن جب اپنے گہر مین جاکر اپنے پیشہ کے باسیادکرن (اوزار ان - آلے - کو) کہدیتا
تب نبیاپار (کچھہ بیاپار نہ کرنیوالا) ہوکر سکھی رہتا ہی تیسے جیو آتما ہی جاگرت اور سپن اوستہا مین
بدہی آدک کرن (آلہ) کو لیکر کرتا روپ اور دکھی ہے - باقی موکش اور سکھپتی اوستہا مین بدہی
آدکرن کو تیاگ کر سکھی (انند روپ) رہتا اور اوسوقت نہ کرتا نہ دکھی ہے -

اکتالیسوان سوتر परात्तु तच्छ्रुतेः ॥४१॥ सूत्र اس سوتر مین اس امر کی اصلیت
کہتے ہین کہ جیو کو اپنے کرتاپن (فاعل) ہونیمین ایشر کی اپیکشا (ضرورت یا امداد) ہی یا نہین سو
واضح ہو کہ سرشٹی پرکار مین سمایہ اوستہا والی ترگناتمک پرتی مین سے جو سامیہ اوستہا ہوکر شدھ
ست پردھان ہوا یعنی رجوگن و تموگن پر ستوگن غالب تب اوس او سیقدر اوستہا کا نام مایا माया
اور پھر جب اوس مایا مین جو چیتن کا پرتی بمب تب اوس چیتن کا نام ایشر اور اسکے خلاف جو ملن ست मलिन
ست پردھان اوستہا یعنی ستوگن پر رجوگن تموگن غالب تب اوس وقت اوس اوستہا کا نام - ابدیا -
अविद्या اور پھر جب اوس ابدیا مین جو چیتن کا پرتی بمب تب اوس چیتن کا نام جیو ہی اسطرح جیو
ابدیا (بے علمی) روپ اندہکار تمر तिमिर کر کے اندہا ہے اسلیئے جیو خود کچھہ نہین کر سکتا بلکہ
ایشر کی آگیا (اجازت) سے کہ اسیکا نام اپیکشا - ضرورت - امداد ہی جیو کرتا و بہوگتا روپ
سنسار کو پراپت ہوتا ہی اور آخر جب ایشر کے انگرہ روپ अनुग्रह یعنی ایشر کی کرپا -
عنایت) کے ہیتو سے سمیک گیان اوسکو ہوتا تب جیو موکش کو پراپت ہوتا ہی اسلیئے جیو کو
کرتا روپ یعنی سنساری بیوہار مین پراپت ہونے اور نیز سنسار سے موکش ہونے ارتہات دونون
حالت والے کرتا روپ ہونیمین ایشر کی اپیکشا ہے چنانچہ اسی ارتہہ کو شرتی بھی کہتی ہے श्रुति
ह्यवसाधु कर्म कारयति ارتہہ اس شرتی کا یہہ ہی کہ یہہ پرمیشر ہی سرشٹ کرم کو کرتا ہے

(یادداشت از خاکسار بہوانی پرشاد مترجم) کہ اس تمام پرسنگ مین جیو - کوئی خاص بیان رہتہ واقعی نہین اور جسقدر فرضی فرض کیا گیا او سحالت مین بہی ہر طرح جیو اکرتا اور ابہوگتا - ارتہات - نرلیپ ہے - निरलेप

(تمہید)

پچہلے سوتر مین جو کہا کہ ایشر ہی شبہ اشبہ کرمونکو کرتا ہی تو ایشر مین وشمتا کا دوش آتا سو اس شنکا کو اگلے سوتر سے دور کرتے ہین -

॥४२॥ सूत्र ॥

بیالیسوان سوتر - कृतप्रयत्नापेक्षस्तु विहितप्रतिषिद्धावैयर्थ्यादिभ्यः

بشمتا وغیرہ دوش ایشر مین نہین ہی کیونکہ جیو کرت (یعنی جیو کے کئے ہوئے) دہرم آدہرم کی اپیکشا سے ایشر کرم کراتا ہی خود نہین کرتا اور اسی وجہ سے بہت نشدہ کرم کو کہنی والے وید آد شاستر بیرتہ (جہوٹے بیہودے فضول) نہین ہین - व्यर्थ

॥४३॥ सूत्र

अंशो नानाव्यपदेशादन्यथा चापि दाशकितवादित्वमधीयत एके

تینتالیسوان سوتر - جیو ہی سو ایشر کا انش ہے کیونکہ شاستر مین نانا (انیک) جیو ہونیکا کہن ہے اور اگرچہ یہ بات بہی ہی کہ ایشر نروئو निरवयव (بے عضو) ہی اوسکا ٹکڑہ انش جیو نہین ہو سکتا لیکن جیو اگنی کیطرح انش ہے اور شاستر مین جیو کے नानात्व نانا (انیک متعدد ہونیکا کتہن ہے) نانا ہونیکا کتہن نہین یعنی جیو کو شاستر مین ایک ہی انیک نہین کہا اس سے بہی جیو ایشر کا انش ہے - اور کسی وید کی شاکہا والے یہہ کہتی ہین کہ दाशकितवादि (ڈاسکت بادہ) سرب برہمہ ہے تو اسطرح جیو کا اور ایشر کا بہید ابہید ہونے سی अग्निविस्फुलिङ्ग یعنی اگ اور آگ کی پہلجہڑی کیطرح انشا انشی بہاؤ ہے یعنی واستو - اگن اور پہلجہڑی دو پدارتہ - دو قسم جداگانہ کے نہین مگر اگنی (جامع روشنی) سی جو پہلجہڑی علیحدہ نکلی اسلئے علیحدہ علیحدہ اگنی و پہلجہڑی دو نام ہو گئی اور ہر طرح وہ پہلجہڑی یا دسی اگنی کا انش اور وہ دونو کا انش انشی بہاؤ ہے -

چوالیسوان سوتر मन्त्रवर्णाच्च ॥४४॥ सूत्र اس سوتر مین شرتی باکی سے انش انشی بہاؤ ہونیکا ثبوت کہتی ہین स्मृति ارتہہ पादोऽस्य सर्वा भूतानि त्रिपादस्यामृतं दिवि

یہہ سب ستہاور جنگم۔ اس پرمیشر کی انش ایک پاد چوتھے حصہ مین اور باقی تین پاد تین چوتھائی پرمیشر مین جو امرت روپ ہے۔ اوس امرت روپ نے اپنے تین انش مین اپنے سروپ مین ست چت آنند خود پرمیشر ہے

پینتالیسوان سوتر अपि च स्मर्यते ॥४५॥ सूत्र اسمین ایشر گیتا کی سمرتی کا بہی ثبوت کہتی ہین ارتھ اسکا یہہ کہ اس جیو لوک مین یہہ جو سناتن جیو ममैवांशो जीवलोके जीवभूत सनातनः॥ स्मृति سو میرا ہی انش ہے شرح زائد از خاکسار بہوانی پرشاد مترجم یہ تمثیل دیجی

جیسے اندنون ہندوستان مین ایک سریمہارانی راج راجیشری۔ ملکہ معظمہ کا راج ہونیسے تمام اشخاص ماتحت راج والے ملکہ کی رعایا ہین اور کل ممالک واقع ہندوستان متعلقہ سلطنت ملکہ معظمہ کے ہین مگر فی زمانہ انتظام شاہی یہہ ہے کہ کل ممالک ہندوستان کے ایک گورنمنٹ گورنر جنرل صاحب اور اونکے ممالک ماتحت پانچ احاطہ ۱۔ بنگالہ۔ ۲۔ ممالک مغربی شمالی واودہ۔ ۳۔ پنجاب ۴۔ بمبئی۔ ۵۔ مدراس۔ جن ایک ایک احاطہ کے ایک ایک لفٹنٹ گورنر معروف گورنمنٹ متعین ہین تو جو مقام جس جس گورنمنٹ کے علاقہ مین اوس مقام کے باشندہ۔ اوسی اپنی متعلقہ گورنمنٹ کی رعایا کہی جاتی۔ اس تمثیل سے سب امر ظاہر کہ گورنر جنرل گورنمنٹ کل اور سب لفٹنٹ گورنر کے احاطہ وار ملکہ معظمہ کے انش ہین اور اسیطرح یہہ لوگ۔ جیو لوگ اور سب لوگ وغیرہ ایشر لوگ برہمہ لوک برہمہ لوک کہے جاتے واسطو برہمہ سے علیحدہ کوئی ایشر یا جیو نہین اور سب برہمانڈ ایک برہمہ کا انش ہی اوسکے اپیکشا سے ایشر جیو۔ اپنا اپنا کام متعلقہ کرتے اور جیسے گورنر جنرل یا لفٹنٹ گورنر گورنمنٹ۔ اپنی خود اختیار سے سوتنتر کوئی کام مملکت کا نہین کر سکتے۔ اور کل کام متعلقہ مملکت مین اونکا کوئی نج کا کام نہین نہ وہ مالک مملکت نہ اونکے ذات کیطرفسے کوئی حکم یا انتظام بلکہ۔ کل انتظام وحکم موقتی اونکا خاص حکم وانتظام شاہی ہے اور اسلیئے وہ اپنی ذات کے لیئے نہ کرتا نہ بہوگتا نہ پریرک ہین اسطرح ایشر اور جیو سوتنتر کوئی کام نہین کرتے نہ اونکے نج کا کام کوئی ہے اور جسقدر وہ کام کرتے وہ نہ اون کے لیئے ہی اور اسلیئے وہ کرتا۔ بہوگتا و پریرک نہین ہین۔

چہیالیسوان سوتر प्रकाशादिवन्नैवं परः॥४६॥ सूत्र

پچہلے سوتر مین اگر یہہ شنکا ہو کہ جیسے دیہہ کے کسی ایک انگ ہاتہہ پانو وغیرہ مین دُکہہ ہو تو اونکی دیودت (جسکا وہ کل دیہہ ہے) دُکہی ہوتا ہی (اسموقعہ پر دیہہ کے ہر ایک انگ کو انش اور مجموعی دیہہ کو انشی سمجہنا چاہیئے) تیسے انش روپ جیو مین دُکہہ ہونیسے (جیسا سوتر نمبر ۴۳ مین کہا) انشی روپ ایشر بہی دُکہی ہونا چاہیئے اس شنکا کا اوتر سماداہان اس سوتر مین کہتے ہین تمثیل، جیسے اکاس مین سورج اپنے پورن کلا سے پرکاسمان ہے اور وہ نہ ٹیڈہا ہے نہ دو سورج ہین مگر بصفات موصوف سورج بے عیب ہے اگر کوئی دیکہنے والا اپنی آنکہون مین اونگلی کی اُپادہ لگا کر دیکہے تو سورج اوسکو بجاے ایک کے دو اور گردہ سورج کا بجاے تمامتر گول کے ٹیڈہا پرتیت ہوگا اور پرمارتہہ سے واقعی وہ سورج دو نہین نہ ٹیڈہا ہے اسی طرح ابدیا آدی اُپادہ والے جیو کو دُکہہ ہونیسے ایشر دُکہی نہین ہوتا (شرح زائد از خاکسار بہوانی پرشاد) اس تمثیل سے یہہ بہی ظاہر کہ پربرہمہ نے اپنے اندر آپ لیلا بہار کرنیکے لئے اُپادہ روپ۔ شدہ ست پردہان مایا اور ملین ست پردہان ابدیا ظاہر کی اوسکی وجہہ سے یعنی ابدیا اوستہا جیو روپ والے مین برہمہ۔ پرکرتی۔ پرش۔ مایا۔ ایشر۔ ابدیا جیو اور سب جگت بندہ مکت روپ متعدد و بداغ تہ تِرچھی ٹیڈہی عیب دار نظر آتے اور جب بدیا اوستہا مین وہ اُپادہ نہین رہتی تب سمیک گیان مین سب ایک برہم شدہ سروپ نراُپادہ رہ جاتا ہے۔ دوسرا درشٹانت متعلق شرح زائد جیسے کوئی پُرش ہے اور اپنے گہر آنند سے بیٹہا ہے اور پہر وہی پُرش بازیگر بنکر مُرچڑا بنکا کہیل بنا دے تو اوسوقت وہ اپنے ہاتہہ پانو وغیرہ انگون مین۔ چہری۔ گہوس لیتا بلکہ اپنا پیٹ تک چیر کر دکہا دیتا (کہ اسی سے اوسکا لقب مُرچڑا پڑا) اور ظاہر کرتا کہ میرے بہت زخم آئے اور مین بہت دُکہی ہون مگر اصلیت مین سمجہو کہ اونکا صرف کہیل ہی کہیل ہے بلکہ کہیل کے وقت بہی فی الحقیقت اوسکے کسی عضو مین نہ زخم آیا نہ وہ اوسوقت بہی واقعی زخمون کے درد سے دُکہی ہوا اور جب کہیل کو علیحدہ کرکے پہر بدستور اپنے گہر جا کر بیٹہا اور کہیل کے سب اجزا و اوزارون کو اپنے گہر مین جا کر رکہدئیے جنسے پہر بہی وہ ہی کہیلتا ہے تو گہر جا کر کہیل کیوقت کے کوئی حالت لگنے چہری اور پیدا ہونے غیرہ واقعی درد کی

तिरछे

मुड़चिड़ा

مطلق نہین رہتی بدستور اپنے آنند مین بیٹھا ہی تیسے ہی برہم نے سرشٹی پرکار کیسل رچا جسمین سنساری آپادہ والی چیز ہے اور سکے جیورو پ مرتجرا مین لگ کر جیو کو اینک قسم - دیہک - دَیوک - بہوتک روپی زخم نمایان ہوکر اینک قسم کے درد نمایان ہوتے - واقعی طور پر پرمارتھ مین نہ انھسے نہ جیو نہ کوئی اُپادہ ہی نہ زخم ہے نہ درد چنانچہ جب پرلے کرکے برہم اپنے گھر پرمانند روپ مین بیٹھتا تب کچھ بھی کلپنا نہین رہتی اسطرح دارشٹانت سمجھو کہ دُکھ سُکھ کے وقت ہی کلپت جیو کو واقعی سُکھ دُکھ کی کلپنا کیجاتی او سکا ایشر کچھ واسطہ نہین

سینتالیسوان سوتر

सूत्र ‖ ४७ ‖ स्मरन्ति च

پہلے سوتر مین جو کہا کہ جیو کے دُکھ کرکے پرماتما دُکھی نہین ہوتا اسین سُرتی کا ثبوت یہہ ہی तत्र यः परमात्मा हि स नित्यो

نِرگن ہے اُس شرتی کا یہہ کہ پرماتما نرگن اور ‌ارتہ निर्गुणः स्मृतः ‖ न लिप्यते फलैश्चापि पद्मपत्र मिवाम्भसा

اور جیسے کنول کا پتا جلین لِپایمان نہین ہوتا (یعنی جل مین کنول کا پتہ نہین ڈوبتا اور ہی جل کے تیر تا رہتا تیسے سُکھ دُکھ آدپہل کرکے پرماتما لپایمان نہین ہوتا -

اٹھتالیسوان سوتر

सूत्र अनुज्ञा परिहारौ देह सम्बन्धात् ज्योतिरादिवत् ‖ ४८

جیسے لوک مین سرب جوت (یعنی اگنی) ایک ہی ہر کسی اگنی مین کچھ بہید نہین لیکن اسمان (مُردہ کے جلنے کی اگنی - مرگہٹ کے مقام والیکا) نشیدہ (منع ہے) کہ اوس اگنی کو کسی کام مین نہین لاتے تیسے آتما کو دیہہ کے سمبندہ سے انوگیا अनुज्ञा (بدھی) کا پرہار ہے) اور جیسے رتکال مین (کہ جب استری اپنے دہرم ماہیانہ سے نوزت ہو اوسکو استری کا رُت کال کہتے) اوس استری کے پُرش (خاوند) کو اجینی اوس بھار یہ (استری) سے سنگ (مجامعت) کرنا شاستر کی انوگیا (بدھی - آگیا - اجازت) ہے لیکن گرُو کی بھاریا سے سنگ کرنا منع ہے - یہہ نشیدہ ہر اس سے یہہ تا ثیر نکلا کہ سُکھ دُکھ واسطے ہو گئے کے مین لیکن اوسکا بھوگنا جیو کو درست اور ایشر کو منع (نشیدہ ہے) اگر کوئی یہہ شنکا کہے

اونچاسوان سوتر

सूत्र असन्ततेश्चाव्यतिकरः ‖ ४९ ‖

اگرچہ دیہہ دھاریون کے دیہہ اینک بیشمار ہین مگر سب دیہون کے ساتھ ایک آتما کا سمبندہ ہی یعنی سب دیہون مین آتما ایک ہی ہے پھر دیودت کے کرم کا پہل جگ دت کیون نہین بھوگتا

اس شنکا کا پرہار - اس سوتر مین کہتے ہین کہ بدھی اور اہنکار آدی اپادھیون والا جیو کرتا بھوکتا ہی سکا سب شریرون کے ساتہ سمندہ نہین ہو سکتا اسوجہ سے ایک پرش کے کرم کا پہل دوسرا پرش نہین بھوگ سکتا۔

پچاسوان ابھاس ایو چ ॥ ۵۰ ॥ سوتر پہلے ارتہہ کی صراحت مزید کہتے ہین کہ جیسے انیک گھڑون مین جل اور ان سب گھڑون کے جل مین ایک سورج کا پرتی بمب۔ تیسے دیہہ دیہہ پرت انیک انتہہ کرن مگر ان سب انتہہ کرنون مین ایک پرماتما کا پرتی بمب ارتہات جیسی جل مین سورج کا پرتی بمب سورج کا ابھاس تیسے انتہہ کرن مین پرماتما کا پرتی بمب جیو ابھاس ہے مگر جیسے ان انیک جلون مین سے ایک جل کے کمپن سے دوسرا جل نہین کمپتا تیسے ایک انتہہ کرن کے اندر۔ پرماتما پرتی بمب والے موسومہ جیو کے کرم پہل کو دوسرا جیو نہین ہوگتا یہہ تو سدھانت اور اصلیت کا بیان ہوا اسکے خلاف بعض بادی یہہ مانتے ہین کہ آتما نانا (انیک) مین یعنی وہ دیہہ دیہہ پرت جدا جدا آتما (جیو نام) کو مانکر انیک جیوون کی کلپنا کرتے کہ جتنے دیہہ اتنے ہی آتما (جیو) ہین سو یہہ مت ٹھیک نہین کیونکہ بہرحال جسکو وہ آتما کہتے وہ تو ایک ہی ہے تو سہوستہین سب آتما کا سب شریرون کے ساتہ سمندہ ہونیسے ایک پرش کے کئے ہوئے کرم کا پہل دوسرے پرش کو بھوگنا چاہئے۔

اکیاونواں سوتر ادرشٹانیامات ॥ ۵۱ ॥ سوتر پہلے ارتہہ مین شنکا کہتی ہین کہ جس ادرشٹ سے جب آتما اور من کا سنجوگ ہوا سو وہ سنجوگ اوسی آتما کے سکہہ آدکون کا ہیتو (موجب) ہے دوسرے کا نہین۔ بےشک بادی ایسا کہتے ہین سو انکا کہنا ٹھیک نہین کیونکہ ادرشٹ سب آتما کے ساتہ سادہارن ہے اسلئے ادرشٹ کرکے وہ نیم نہین ہو سکتا۔

باونواں سوتر ابھی سندھیادشواپی چیوم ॥ ۵۲ ॥ سوتر سنسار مین ہر کسیکے جداگانہ سنکلپ (ارادہ) ہوتے یعنی کوئی کہتا کہ مین فلان کرم کو کرکے اوسکے فلان قسم کے پہل کو پراپت ہونگا۔ کوئی کہتا ہے کہ مین فلان کرم نہین کر سکتا اسمین فلان وجہہ ہے ایسے جداگانہ سنکلپ ہین پہچین (جداگانہ) ہونے آتما کا اور نیم کا ظاہر کرتے ہین گویا آتما ایک نہین انیک مین

اسوجہ سے کوئی آتما کسی قسم کا سنکلپ اور کوئی آتما کسی قسم کا سنکلپ کرتا سو یہہ کہنا بھی ٹھیک نہین کیونکہ سب ادہارن آتم - من سنجوگ کرکے سنکلپ ہوتا ہے سو نیم کا ہیتو نہین ہوسکتا -

تیرہین سوتر प्रदेशादिति चेन्नान्तर्भावात ॥५२॥ सूत्र - اور بادی کا جو پردیشا بیان ہے اسلئے وہ کہتی ہین کہ اگرچہ آتما بہو विभु یا ایکہی لیکن شریر مین آتہت من کا سنجوگ جو شریر بشنشٹ (ملے ہوئے) آتما مین ہوتا ہے جس شریر بشسٹ آتما مین من کا سنجوگ ہی سو وہ شریر بشنشٹ آتما ہی سکہہ دکھہ کو بہوگتا ہے دوسرا نہین بہوگتا یہانتک اس سوتر کے پہلے پاد کا ارتہہ بطور قایم کرنے شنکا کے ہوا اب سوتر کے دوسرے پاد مین کہتی ہین کہ نہ نا इति चेत्र (ایسا نہو) چنانچہ تیسرے پد مین شنکا کا سمادہان کہتے ہین کہ تمہاری مت مین سرب آتما کا سرب من کیساتھ سنجوگ ہو کر ایک کا سکہہ دکھہ دوسرے کو بہوگنا ہی ہوگا مگر ہمارے ایک آتما پکش مین اس دوش کا پرہار ہوسکتا ہی

इति श्री मन्मौक्तिकनायायोगाविर्भावितायां-श्री मन्महाऋषिवेदव्यासजी कृत ब्रह्मसूत्र सारार्थ प्रदीपकायां-भुवानी प्रसादस्य कृत भाषा उल्थायां-द्वितीयोध्यायस्य त्रतीय पाद समाप्तः शुभंभू

برہم سوتر کے دوسرے ادہیاے کا تیسرا پاد ختم ہوا

دوسرے ادھیاء کا چوتھا پاد شروع ہوا

واضح ہے کہ دوسرے ادہیاے کے تیسرے پاد مین تو آکاس وغیرہ پنچ بہوت یعنی پنچ تت آدبہوتک भौतिक بچار اور تسکے انتر - کرتا بہوگتا جیو کے روپ کا بچار کہا گیا اب اس چوتھے پاد مین بہوتک پران کی اتپت کا بچار بیان کیا جاتا ہے جسکی تمہید مین پہلے شنکا کرتے ہین کہ بتلاؤ وید مین پران کی اتپت کہین نہین کہی اور واقعی طور پر پران اُتپت ہوتا ہی یا نہین - اسکا اوتر آگے کہتے ہین

پہلا سوتر तथा प्राणाः ॥१॥ सूत्र ॥ جیسے پربرہمہ سے آکاس آدی پنچ بہوت کی اُتپتی ہوتی تیسے پران کی اتپت بہی پربرہمہ سے ہوتی ہی چنانچہ پران کی اتپتی شرتی مین یہہ کہی ہی

एतस्मा ज्जायंते प्राणो मनः सर्वेंद्रियाणि च ॥ श्रुति

ارتھہ - پرماتما سے پران - من اور سب اندریان اُتپت ہوتی ہین

دوسرا سوتر गौण्यसम्भवात् ॥ २ ॥ सूत्र بادی کہتا ہی کہ شرتی مندرجہ بالا
گَون ہی مکھہ نہین سو بادی کا ایسا کہنا ٹہیک نہین کیونکہ ایک کارن رُوپ پرمیشر کے جاننے سی سب کا جانا جاتا
ہے اور یہہ بید کی پرتگیا ہے پس اگر یہہ پران آدست جگت برہمہ کا کارج نہووے تو اس پرتگیا کی ہانی
(وعدہ مستقل کی معدومی) ہوگی اسوجہ سے وہ شرتی پران کی اُتپت کہنے والی گَون نہین مکھہ ہے۔

تیسرا سوتر तत्प्राक् श्रुतेश्च ॥ ३ ॥ सूत्र شرتی موصوف متذکرہ سوتر نمبرا کو جو
بادی نے گَون کہا تھا اسکو شرتی کے ہی پدون سے مکھہ ثابت کرتے ہین یہہ کہ شرتی موصوف مین جو जायते
یہہ ایک ہی جنم باچی شبد ہے سو پہلے پران کی اُتپت کہکر پیچھے آکاس آدکون کی اتپت کو کہتا ہوا وہ
یہہ نیم قاعدہ ہی کہ ایک پرکرن مین ایسے شبد کا ایک بار ہی کہن کیا ہوا بہت کے ساتھہ سمبندہ والا
دہی ایک شبد ہوتا اسلیئے اگر کہو کہ پہلی مرتبہ جسں ایک کے واسطے وہ شبد کہا اسکے لیئے مکھہ اور باقی ادہون
کے لیئے گَون ہے یعنی وہ کتھن گَون مکھہ نہین کہاتا بلکہ سوتر مکھہ ہی کہاتا ہے اسلیئے وہ شرتی مکھہ
اور شرتی کا जायते شبد پران کی اُتپت کے لیئے مکھہ ہے۔

چوتھا سوتر तत्पूर्वकत्वाद्वाचः ॥ ४ ॥ सूत्र بادی نے جو یہہ بہی شنکا کہی کہ پران کی
اُتپت شرتی نے کہین کہی اور کہین نہین کہی اوسکی بابت شرتی مندرجہ نمبرا مصرحہ بالا ہی اور دوسری
شرتی مین جو تیج جل پرتہوی تین کی اُتپتی کہی اور وہ شرتی یہہ ہے तत्तेजोऽसृजत کہ اسمین پران
کی اُتپتی نہین کہی لیکن تیج جل پرتہوی کو برہمہ کا کارج ہونیسے باک پران۔ من یہہ بہی برہمہ کے
کاریہہ ہین چنانچہ اسبات کو شرتی کہتی अन्नमयं हि सौम्य मनः आपोमयः प्राणः
तेजोमयी वाक् इति श्रुतेः ہے سومیہ سویتکیتا یہہ من پرتہوی سے اور پران جل سے اور باک تیج مئی ہی

پانچوان سوتر सप्त गतेर्विशेषितत्वाच्च ॥ ५ ॥ सूत्र اب پران کی سنکھیا (تعداد) کہتی مین
تمہین سکہہ بیان کو آگے کہینگی۔ درمیان مین پہلے یہہ ہے کہ ویدمین کہین۔ گیان اندری پانچ چہٹا باک
ساتوان من یہہ سات پران کہے اور کہین انہین ہست (ہاتھہ) اور شامل کرکے اٹھہ پران کہی مین
اور کسی موقع پر دو شروتر (کان) دو چکشو (آنکھہ) دو گہران (ناک) پاپو (پانو) تا ستیہ

(آلہ تناسل) یا ایک یہہ نو پران کہے اور کہیں گیان اندریہ (۵) کرم اندریہ (۵) یہہ دس پران کہے اور
کہیں ان گیان و کرم اندریون مین من کو شامل کرکے (۱۱) گیارہ پران کہے اور کہیں ان (۱۱) مین بدھ کو
شامل کرکے ۱۲ پران کہے کہیں ان ۱۲ مین اہنکار ملاکر ۱۳ پران کہے ہین پس ایسے مختلف تعداد کے
بیان مین سنشے ہے کہ انمین سے پران کی تعداد صحیح کون سی ماننا چاہیئے اسکی بابت پوربپکشی ایک
شرتی کے پرمان سے پران کی تعداد بقدر سات کے کہتا ہے اور وہ شرتی یہہ ہے सप्त [illegible] سات
सप्त प्राणाः ॥ श्रुति یعنی اس شرتی مین ۲ - شرد تر - ۲ چکشو - ۲ - گہران - ایک باک یعنی سات
پران کی تعداد کا گیان ہوتا ہے اسلیئے یہہ شریر کے انشٹ - विशेषित سات پران ہی ماننے چاہیئیں

چھٹا سوتر هस्तादयस्तु स्थितेऽतो नैवम् ॥६॥ सूत्र ارتھہ اس سوتر کا یہہ ہے کہ پہلی یا پانچوین سوتر مین
جو چند تعداد پران کی مختلف کہیں اور یہہ بھی کہا کہ سات پران سے زیادہ ہاتھ وغیرہ پران کو استہت
ہونے سے سات پران ہین اسکی نسبت اس سوتر مین کہتے ہین کہ ایسا یعنی چند مختلف تعداد اور قسم پران
کی نہیں ماننا چاہیئے اسمین سدھانت کوٹی یہہ ہے کہ گیان اندریہ (۵) کرم اندریہ (۵) اور ایک من
بھی گیارہ پران ہین اور ان ۱۱ سے نہ کوئی زیادہ ہے نہ کم۔

ساتوان سوتر अणवश्च ॥७॥ सूत्र سو وہ گیارہ پران تذکرہ بالا انو
یعنی سوکشم اور پرچھن پرمان والے ہین پرانو کے تل (مطابق) نہین اگر یہہ استھول ہوتے تو جیسے
बिल (کھٹے یا بنی) سے نکلتا ہوا سرپ دیکھتا ہے - مرن کال مین پران بھی دیہہ سے
نکلتے دیکھنے چاہیئے سو ہوتے نہین اسلیئے پران سوکشم اور انو کی تل ہین۔

آٹھوان سوتر श्रेष्ठश्च ॥८॥ सूत्र اب مکھیہ پران کو کہتے ہین کہ جیسے اور پران (مندرجہ بالا)
برہم سے اُتپت ہوتے ہیسے مکھیہ پران بھی برہم سے اُتپن ہوا ہے اسکو شرتی باک نے کہا ہے स प्राण[illegible]
मसृजत ॥ श्रुति ارتھ یہہ کہ سو پرماتما پران کو رچتا ہے۔

نوان سوتر न वायुक्रिये पृथगुपदेशात् ॥९॥ सूत्र اس سوتر سے مکھیہ پران کی اصلیت
دیکھی کہتے ہین کہ مکھیہ پران نہ وایو (ہوا) ہے نہ اندریون کا بیاپار ہے کیونکہ اسمین شرتی باک یہہ ہے

प्राण एव ब्रह्मणश्चतुर्थः पादः स वायुना ज्योतिषा भाति च तपति च॥ श्रुति॥

یہہ شرتی کہتی ہی کہ منو روپ मनोरूप برہمہ کا باک - پران چکشو - شروتر - جو یہہ چار پاد (جزو) ہین تنمین جو پران ہے سو اپنے آدہ دیو بایو आधिदेव वायु (یعنی اسکا جو مالک - موکل بائو) اسکر کے پرگہٹ ہوتا ہے اور جوت کرکے اپنا کارج کرنیکو سمرتھ ہوتا اسطرح بائو اور اندریون کے بیو پاد سے برتہک (علیحدہ) ہونا مکھہ پران کا اُپدیش ہے -

دسوان سوتر

चक्षुरादिवत्तु तत्सहशिष्ट्यादिभ्यः॥१०॥ सूत्र

پچہلے کہی ہوئے ارتہہ کو دڑہ کرنیکی لئی پہلے ایک شنکا قایم کرتے کہ جیسی اس شریر مین جیو سوتنتر ہے تیسے پران بہی بہوگتا وگون سے سرشبٹ ہی تو پران بہی سوتنتر (خود اختیاری) ہونا چاہیئے - فقط اب اس سوتر سے اس شنکا کا سمادہان کہتے ہین چنانچہ اس سوتر مین تو شبد پران کی سوتنتر تا کی نورت مین ہی اور اسکا اُداہرن یہہ کہ جیسے چکشو - شروتر وغیرہ جیو کے کرتا - بہوگتا ہونیکی سادہن ہین تیسے پران بہی - راجا کے منتری کیطرح جیو کے سب ارتہہ کو سدہ کرنیوالا ہی سوتنتر نہین (یعنی جیو مثل راجا اور پران مثل منتری کے ہی کیونکہ جو پران ہے سو چکشو آدکون کے ساتہہ ہی شیش رہتا ہے پس پران چکشو وغیرہ کیطرح چکشو وغیرہ کے سمان دہرم والا پرنتو سوتنتر نہین

گیارہوان سوتر

अकरणत्वाच्च न दोषस्तथा हि दर्शयति॥११॥ सूत्र

جیسے چکشو شروتر - آدکون کا روپ شبد آدو نکا بشے ہی (یعنی چکشو کا بشے جو دیکہنا - سروتر کا بشے سُنا وغیرہ وغیرہ سو شبد آد بشے ہی چکشو آد کے روپ ہین) تیسے پران کا بہی کوئی بشے ہونا چاہیئے سو یہہ دوش پران مین نہین آسکتا کیونکہ جیسے چکشو سروتر وغیرہ - کرن (آلہ) ہین تیسے پران - کرن نہین (پرشن - سوال) اگر پران کرن نہین تو پران سے کوئی کارج ہونا چاہیئے (جواب) اگرچہ درحقیقت پران کرن نہین لیکن شریر کی رکشا کرنا - پران کا کارج شرتی کہتی ہے

प्राणेन रक्षन्नवरं कुलायम्॥ श्रुति

ارتہہ - پران کرکے اس نیچ नीच دیہہ کی رکشا کرتا ہوا جیو آتما سوتا ہے تاثیر یہہ جب جیو آتما سوتا تو اوس وقت پران ہی

دیہہ کی رکشا رہتی ہی ورنہ جیوآتما کے سوتے وقت دیہہ نشٹ ہوجانا چاہیئے مگر اوس وقت پران دیہہ کی رکشا کرتا ہے
اور کسو قت پران دیہہ کے جنم سمئے سے مرن سمئے تک سوتا نہین (شرح زائد از خاکسار ہیرالال پرشاد مترجم)
اسطرح دیہہ کی رکشا رہنا متعلق پران اور دیہہ کے اندر۔ اندریہ وغیرہ کا چیشٹا کرنا جیتن جیوآتما کے ابہاس
اور ستا سے ہی اور اسی سے یہہ بہی ظاہر کہ جبتک جیوآتما دیہہ کا ابہانی رہتا تب تک پران بہی موجود رہتا ہے۔

بارہوان سوتر पञ्चवृत्तिर्मनोवद्‌व्यपदिश्यते ॥१२॥ جیسے شروتر اوبست دوارا شبدادکون کو بشئے کرنیوالی من کی پانچ برتی ہین ویسے مکہیہ پران کی بہی کا رہیہ دوارا ۱۔ پران ۲۔ اپان ۳۔ بیان ۴۔ اودان ۵۔ سمان نام کرکے پانچ برتی ویدکی شرتی مین کہی ہین (فقط شرح زائد از ہیرالال پرشاد)
शब्दादि विषय شبدادوبشئے من کی پانچ برتی یہہ ہین۔ ۱۔ شروتر کے ذریعہ سے سُننا ۲۔ تچا سے سپرش کرنا ۳۔ چکشو کی دیکہنا ۴۔ رسنا سے سواد لینا ۵۔ گہران سے سونگہنا فقط اور پرسنگ سے اسموقع کہ بیان یہہ بہی یاد رکہنا چاہیئے کہ یہہ پانچون بشئے۔ سُننا۔ دیکہنا وغیرہ۔ شروتر چکشو آدی بشئے کا کام نہین بلکہ یہہ پانچون شروتر وغیرہ اندریہ۔ صرف کرن۔ (آلہ) ہین جنکے ذریعہ سے من۔ ان پانچون بشئیون کو بشئے کرتا ہے۔
اور اسطرح۔ انکو بشئے کرنا اندریون کا دہرم نہین۔ من کا دہرم ہے۔

تیرہوان سوتر अणुश्च ॥१३॥ سو وہ تصبفات موصوف۔ دیہہ کہ رکشک پران انو (अणु) پرمان والا ہی اور اسموقع پر انو شبد سے سوکشم اور جہین پرمان کا گرہن (مراد) ہی کیونکہ مرن کالمین۔ مُردہ کے سامنے بیٹہے ہوئے زندہ پُرش کو پران نکلتی دیکہتا نہین ہے اسوجہ پران سوکشم اور اسی پانچون برتی مندرجہ بالا سے سب شریر مین برتتا اور لوکانتر लोकान्तर مین جاتا ہے۔ اسلیئے پرمان پر جہین پرمان والا۔ انو۔ ماتر ہے۔

تمہید اس سے پہلے جو جتنے پران کہی اونکی پرورتی کی بابت جو یہہ امر بحث طلب ہے کہ (پران مذکور اپنے سوبہاؤ سے سوتنتر اپنے اپنے کاریہ مین پرورت ہوتے یا اپنے ادہشٹاتر अधिष्ठातृ (مالک موکل) دیوتا کے آدہین आधीन ہوکر (گویا پرتنتر) پرورت ہوتے ہین تو اسکی بابت پوروپکشی بادی کہتا ہی کہ اپنے سوبہاؤ سے ہی برتتے ہین اور یہہ دلیل پیش کرتا ہی کہ اگر دیوتا کے آدہین ہو کر برتینگے

تو دیوتا ہی بھوگتا رہیگا۔ جیو بھوگتا نہ رہیگا اس شنکا کا اُترا گلے سوتر مین ہے۔

چودھوان سوتر ज्योतिराद्यधिष्ठानंतु तदामननात्॥ १४॥ सूत्र

اس سوتر مین تُ شبد پوربپکش کی نورتی کے ارتھ مین ہے اور وہ نورتی اسطرح ہے کہ اگنی آد دیوتا کے ادہین ہوکر باگ آد سرب پران پرورت ہوتے ہین اور یہی بات شُرتی پرمان ہے अग्निर्वाग्भूत्वा मुखं प्राविशत्॥ اسکا ارتھ یہ ہے کہ اگنی جسے سوباک اندریہ ہوکر مکھہ مین پرویش کرتا ہیا۔ شرح زائداز خاکسار بھوانی پرشاد مترجم (جیسے اگنی دیوتا مکھہ مین باک اندریہ ہوکر جیسے وک دیوتا۔ کانون مین شروتر اندریہ ہوکر اور سورج دیوتا۔ آنکھون مین چکشو اندریہ ہوکر اور بائو دیوتا۔ بدن کے اوپر کے۔ پوست چمڑہ مین تچا اندریہ ہوکر اور پرتھی دیوتا۔ ناک مین گھران اندریہ ہوکر بسش ہنسے مین سوان پانچون اگنی۔ وک سورج۔ بائو۔ پرتھی دیوتاون کے آدہین ہوکر باگ آد سب اندریان پرورت ہوتے ہین۔ (پنجی کرن کریا مین سب کی حقیقت مندرج ہے (جو ہر ایک کیلئے اغیر پرکرتی نے سرشٹی پرکاشت کیا ہے)

پندرہوان سوتر सूत्र प्राणवता शब्दात्॥ १५॥ اور بادی پورب پکشی نے جو یہہ کہا کہ دیوتا کے ادہین ہوکر پران کا پرورت ہونا مانو گے تو دیوتا ہی بھوگتا ہوگا۔ جیو بھوگتا نہ ہوگا اس سوتر مین کہتے ہین کہ یہہ دلیل اپنا پورب پکشی کا ٹھیک نہین کیونکہ کاریہ کارن سماے (مجموعی) کا سوامی جو شریر جیو آتما اسکے ساتھ ہی سب پران کا سمبندھ شرتی کہتی ہے اور ایک شریر آتما ہی بھوگتا ہی متعدد دیوتا بھوگتا نہین

سولھوان سوتر तस्य च नित्यत्वात्॥ १६॥ सूत्र سو شریر آتما اس شریر مین بھوکت روپ (یعنی بھوگتا روپ ہوکر) نت ہے اور شکھی پُن اپاپ کا لیپ دُکھ سُکھہ کا بھوگ ہوتا ہی۔ دیوتا موصوف جو اُپکار سے ویسے ہین۔ اس مین نہین شریر آتما ہے اور ہم شریر مین بھوگ نہین بھوگتے اور وہ دیوتا۔ کرن پکش (معاملہ اندر) کے دیوتا ہین۔ بھوگتا پکش (معاملہ بھوگ) کے وہ دیوتا نہین کہ بھوگتا شریر آتما ہی

سترھوان سوتر ॥ १७॥ सूत्र न इन्द्रियाणि तद्व्यपदेशादन्यत्र श्रेष्ठात्। اب یہہ امر تحقیق طلب ہے کہ ایک تو مکھہ پران اور دوسرے باگ آد۔ گیارہ پران تو وہ باگ وغیرہ ۱۱۔ پران۔ اوس مکھہ پران کے بھید ہین یا نہین اسکا سادھان کہتے ہین کہ باگ آد مذکور (مکھہ پران کے بھید (ضمیمہ) نہین بلکہ مکھہ پران سے علیحدہ ہین کیونکہ شرتی مین باگ آد ۱۱۔ اندریہ کہی ہین اور مکھہ پران کو ہی اندریہ نہین

اٹھارھوان سوتر सूत्र भेदश्रुतेः ॥१८॥ پہلے بلکہ مین سرشٹی کی ابتدائی
برتانت کو کھ کر باکؔ دے علیحدہ ہونا پران کو ثابت کرتے ہین کہ اُدگیت کرم उद्गीतकर्म (سرشٹی
اتپت کرنے کی سبب) اسرون کی پاپ برتی वृत्ति کے ناس کے لیئے باک وغیرہ پانچون اندریئے اپنی اپنی
پانچون دیوتا سے کہا کہ تم ہمارے مدہ مین اُدگان उद्गान کرو جس سے پاپ برتی اسُر نشٹ (معدوم)
ہووین چنانچہ وہ دیوتا اُدگان کرنے لگے [illegible] تب اسرون نے انرت अनृत باک وغیرہ کو بدھ
سنبدھ [illegible] (مضروب) کر کے سب اندریون کو پاپ گرست पापग्रस्त کر دیا اسوجہ سے پانچون
اندریہ اپنے اپنے دھرم۔ سبھ اور اُسبھ دو طرح کے برتتے ہین جیسے سروتر اندریہ کہ شبدنی و ناشبدنی
سُنتا۔ چکشو۔ دیکھنے کے لائق اور نہ دیکھنے کے لائق بستو کو۔ دیکھتی وغیرہ وغیرہ۔ جیسے سے نربشے
اور سنگ و دوش رہت۔ مکھ پران نے اُدگان کیا یعنی اندریون کی امداد سے بنا اُسکی تب निर्विशय
اسُر نشٹ ہوئے (یعنی نیست و نابود ہوئے) پہلا ہی اسرون کے پاپ گرست کر دینے کا نتیجہ اندریون مین
سبھا سبھ برتاؤ کا رہا آیا مگر نشٹ ہوئے اگر پران سہار۔ اُدگان روپ کرتے تو سب اندریہ نشٹ ہو جاتے
اسطرح تمام اصول مین مکھ پران سے پادگاد کون کا بھید ہی۔ (شرح زائد از خاکسار بھوانی پرشاد مترجم
اسطرح واقعی طور پر اندریہ و پران علیحدہ علیحدہ بیار تھہ جدا گانہ ہین اور اندریون کے بشئون کا بھوگتا
یون نہین کہ مکھ پران مین وہ او صاف برگزیدہ ہین جو اوپر کہے یعنی ا۔ نربشے ہونا کہ پران کسی
بشے کا دھارن کرنے اور برتنے والا نہین دوسرے پران۔ سنگ و دوش رہت ہی یعنی پران کسمین سنگ
اسکی نہین رکھتا بدینوجہ نردوش ہے۔ شریر آتما کو جبتک سمیک گیان نہین تب تک اندریون اور من کے
ساتھ سنگ او سکتی رکھہ کر اندریہ اور من کے ذریعہ سے جو سکھ دکھ نمود ہوتے اونکا شریر آتما اپنی کو کرتا
بھوگتا سمجھکر اپنے کو سکھی دکھی۔ گیانی۔ اگیانی مان لیتا اسی سنگ و دوش ہے (سمیک گیان ہونے
وقت تک) شریر آتما کو بندہ ساوو [illegible] ہو کر موکش ہونیکی ضرورت (جو کرم یا اپاسنا۔ گیان)
کے سادھن سے انتہ کرن شدہ ہی دوارا سمیک گیان ہوتا) جاید لگیگی ورنہ حالت اصلی ابتدائی اور سمیک گیان سے آنت
پر جب شریر آتما ہی شل مکھ پران کے نربشے اور سنگ دوش رہت او صاف والا ہو جاوے تب وہ بجنسہ جیسے کا تیسا شدہ آنند نرلیکار ہو جاتا ہی

انیسوان سوتر वैलक्षराया च्च ॥१९॥ सूत्र : پہر بہی کہتے ہین کہ باگ آدک کون کہہ پران

نہین کہہ سکتے (اپنی اصلیت وضع و اوصاف کے علیحدہ) ہین کیونکہ جب باگ آدک سب اندریہ سوتے تب ایک مُکہہ پران ہی جاگتا ہی اور پران کے استہت (قایم بذات وجاے خود) رہنی پر دیہہ کی استہتی

(قیام) رہتا اور جب مرن سمیے پران نکلجاتا تب دیہہ کا نین ہوتا ہے (مرجانا)

بیسوان سوتر संज्ञा मूर्त्ति क्लप्तिस्तु त्रिवृत्कुर्वत उपदेशात ॥२०॥ सूत्र

اس سوتر کے پہلی سنگیا - شبد یعنی نام کا گرہن (مراد) ہی اور دوسری مورتی شبد سے روپ کا گرہن (مراد) تیسرا شبد क्लप्ति نام کرنیکا وید مین ایسا کہا ہی کہ جو پرماتما - تیج - جل - پرتہوی سوکشم روپ - ان تین بہوتون کا تربرت त्रिवृत (تین مرتبہ لوٹ پوٹ) کرکے انکو استہول کرتا ہیا وہ ہی پرماتما اس جگت کا نام اور روپ کرتا ہیا - یاد رہے کہ - یہہ جو تربرت کرن سو پنچی کرن کا اُپلکشن ہے -

الیسوان سوتر मांसादि भौमं यथा शब्दमितरयो श्च ॥२१॥ सूत्र

